فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ حَتَّى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ فَقَالَتْ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَانْطَلَقَ أَبُو طَلْحَةَ حَتَّى لَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ حَتَّى دَخَلَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلُمِّي مَا عِنْدَكِ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ فَأَتَتْ بِذَلِكَ الْخُبْزِ فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ وَعَصَرَتْ عَلَيْهِ أُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً لَهَا فَأَدَمَتْهُ ثُمَّ قَالَ فِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا ثُمَّ خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا ثُمَّ خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ حَتَّى أَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا وَالْقَوْمُ سَبْعُونَ رَجُلًا أَوْ ثَمَانُونَ [5316]

حضرت ابوطلحہؓ نے کہا اے اُمّ سلیم! رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں اور ہمارے پاس نہیں ہے جو اُن کو کھلائیں۔ وہ کہنے لگیں اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں پھر حضرت ابوطلحہؓ چلے یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ سے ملے۔ پھر رسول اللہ ﷺ ان کے ساتھ تشریف لے گئے یہانتک کہ آپ دونوں اندر داخل ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اُمّ سلیم! جو تمہارے پاس ہے وہ لے آؤ۔ (ام سلیمؓ) وہ روٹیاں لے آئیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارہ میں ارشاد فرمایا تو ان کے ٹکڑے کئے گئے اور حضرت اُمّ سلیمؓ نے ان پر ایک چھوٹے برتن سے چکنائی ڈال کر نرم کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس پر (دعائیہ) کلمات کہے۔ پھر فرمایا دس کو اجازت دو۔ انہوں نے انہیں اجازت دی اور انہوں نے کھایا یہانتک کہ وہ سیر ہو گئے۔ پھر وہ نکلے، آپؐ نے پھر فرمایا دس کو اجازت دو یہانتک کہ سب لوگوں نے کھانا کھا لیا اور سیر ہو گئے اور یہ لوگ ستر یا اسی تھے۔

3788{143} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ

3788: حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں مجھے حضرت ابوطلحہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو دعوت دینے

3788: اطراف: **مسلم** کتاب الاشربة باب جواز استتباعه غيره الى دار من يثق برضاه بذلک ... 3787 ==

نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ بَعَثَنِي أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَدْعُوَهُ وَقَدْ جَعَلَ طَعَامًا قَالَ فَأَقْبَلْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ فَنَظَرَ إِلَيَّ فَاسْتَحْيَيْتُ فَقُلْتُ أَجِبْ أَبَا طَلْحَةَ فَقَالَ لِلنَّاسِ قُومُوا فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّمَا صَنَعْتُ لَكَ شَيْئًا قَالَ فَمَسَّهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا فِيهَا بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ أَدْخِلْ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِي عَشَرَةً وَقَالَ كُلُوا وَأَخْرَجَ لَهُمْ شَيْئًا مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا فَخَرَجُوا فَقَالَ أَدْخِلْ عَشَرَةً فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا فَمَا زَالَ يُدْخِلُ عَشَرَةً وَيُخْرِجُ عَشَرَةً حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَ فَأَكَلَ حَتَّى شَبِعَ ثُمَّ هَيَّأَهَا فَإِذَا هِيَ مِثْلُهَا حِينَ أَكَلُوا مِنْهَا و حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ بَعَثَنِي أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ

کے لئے بھیجا۔انہوں نے کھانا بنایا۔وہ کہتے ہیں میں آیا اور رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ تھے۔آپؐ نے میری طرف دیکھا اور میں نے شرم محسوس کی اور عرض کیا ابوطلحہؓ کی طرف سے دعوت قبول فرمائیے۔ آپؐ نے لوگوں سے فرمایا اٹھو۔(وہاں پہنچنے پر) حضرت ابوطلحہؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے تو صرف آپؐ کے لئے کچھ تیار کیا تھا۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اسے چھوا اور اس میں برکت کے لئے دعا کی، پھر آپؐ نے فرمایا میرے صحابہؓ میں سے دس کو اندر لاؤ اور فرمایا کھاؤ اور آپؐ نے ان کے لئے اپنی انگلیوں کے درمیان سے کچھ ڈالا۔انہوں نے کھایا یہانتک کہ وہ سیر ہوگئے اور باہر چلے گئے۔پھر آپؐ نے فرمایا دس کو اندر لے آؤ۔انہوں نے بھی کھایا یہانتک کہ سیر ہو گئے۔پھر وہ اسی طرح دس (دس) کو اندر لاتے اور سیر ہونے کے بعد باہر بھیجتے رہے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی بھی باقی نہ رہا مگر وہ داخل ہوا اور اس نے کھایا یہانتک کہ وہ سیر ہوگیا، پھر آپؐ نے اس کھانے کو ایک جگہ جمع کیا تو وہ اتنا ہی تھا جتنا اس وقت جب انہوں نے کھانا شروع کیا تھا۔ ایک اور روایت کے آخر میں ہے کہ پھر آپ ﷺ نے جو بچ گیا تھا اسے جمع کیا اور اس میں برکت کی

تخریج: بخاری کتاب الصلاة باب من دعی الطعام فی المسجد... 422 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3578 کتاب الاطعمة باب من اکل حتی شبع 5381 باب من ادخل الضیفان عشرة عشرة 5450 کتاب الایمان والنذور باب اذا حلف ان لا یأتدم فاکل تمرا ... 6688 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی آیات اثبات نبوة النبی ﷺ 3630

ابْنِ نُمَيْرٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فِي آخِرِهِ ثُمَّ أَخَذَ مَا بَقِيَ فَجَمَعَهُ ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِالْبَرَكَةِ قَالَ فَعَادَ كَمَا كَانَ فَقَالَ دُونَكُمْ هَذَا و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ أَمَرَ أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ أَنْ تَصْنَعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا لِنَفْسِهِ خَاصَّةً ثُمَّ أَرْسَلَنِي إِلَيْهِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ وَسَمَّى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا فَقَالَ كُلُوا وَسَمُّوا اللَّهَ فَأَكَلُوا حَتَّى فَعَلَ ذَلِكَ بِثَمَانِينَ رَجُلًا ثُمَّ أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ وَأَهْلُ الْبَيْتِ وَتَرَكُوا سُؤْرًا و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ فِي طَعَامِ أَبِي طَلْحَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ فِيهِ فَقَامَ أَبُو طَلْحَةَ عَلَى الْبَابِ حَتَّى أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّمَا كَانَ شَيْءٌ يَسِيرٌ

دعا کی۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ اتنا ہو گیا جتنا پہلے تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ تم لوگ لے لو۔ حضرت انسؓ سے ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت ابوطلحہؓ نے حضرت ام سلیمؓ کو کہا صرف نبی ﷺ کے لئے کھانا تیار کریں۔ پھر انہوں نے مجھے آپ ﷺ کی طرف بھیجا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ رکھا اور اس پر بسم اللہ پڑھی پھر فرمایا۔ دس کو اندر بلاؤ۔ انہوں نے ان کو اندر بلایا وہ اندر آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کھاؤ اور اللہ کا نام لو۔ انہوں نے کھایا یہاں تک کہ آپ ﷺ نے 80 آدمیوں کے ساتھ ایسا ہی کیا۔ پھر نبی ﷺ نے اور گھر والوں نے اس کے بعد کھایا اور کچھ بچ بھی گیا۔

طعام کے بارہ میں حضرت انسؓ بن مالک روایت کرتے ہیں جس میں انہوں نے کہا حضرت ابوطلحہؓ دروازہ پر کھڑے ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ صرف تھوڑی سی چیز تھی۔ آپؐ نے فرمایا وہ لے آؤ، اللہ اس میں برکت ڈال دے گا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اور گھر والوں نے کھایا اور بچا لیا جو انہوں نے اپنے ہمسائیوں کو پہنچا دیا۔

ایک اور روایت حضرت انسؓ بن مالک سے مروی ہے کہ حضرت ابوطلحہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں

قَالَ هَلُمَّهُ فَإِنَّ اللَّهَ سَيَجْعَلُ فِيهِ الْبَرَكَةَ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَقَالَ فِيهِ ثُمَّ أَكَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَلَ أَهْلُ الْبَيْتِ وَأَفْضَلُوا مَا أَبْلَغُوا جِيرَانَهُمْ و حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ زَيْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَأَى أَبُو طَلْحَةَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِي الْمَسْجِدِ يَتَقَلَّبُ ظَهْرًا لِبَطْنٍ فَأَتَى أُمَّ سُلَيْمٍ فَقَالَ إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِي الْمَسْجِدِ يَتَقَلَّبُ ظَهْرًا لِبَطْنٍ وَأَظُنُّهُ جَائِعًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ ثُمَّ أَكَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو طَلْحَةَ وَأُمُّ سُلَيْمٍ وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَفَضَلَتْ فَضْلَةٌ فَأَهْدَيْنَاهُ لِجِيرَانِنَا و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي

لیٹے ہوئے دیکھا۔آپؐ بار بار کروٹ لے رہے تھے۔وہ حضرت ام سلیمؓ کے پاس آئے اور کہا میں نے رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں لیٹے ہوئے کروٹ بدلتے دیکھا ہے۔اور میرا خیال ہے کہ آپؐ کو بھوک لگی ہے...اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت ام سلیمؓ اور حضرت انسؓ بن مالک نے کھایا اور کچھ بچ گیا۔وہ ہم نے پڑوسیوں کو ہدیہ کے طور پر دیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت انسؓ بن مالک کہتے ہیں کہ مَیں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک دن حاضر ہوا۔آپؐ اپنے صحابہؓ کے درمیان تشریف فرما تھے اور گفتگو کر رہے تھے اور اپنے پیٹ پر کپڑا باندھا ہوا تھا اور مجھے پتھر کے بارہ میں شبہ ہے۔تو میں نے آپؐ کے ایک صحابیؓ سے پوچھا رسول اللہ ﷺ نے کس لئے اپنے پیٹ پر (کپڑا) باندھا ہوا تھا۔انہوں نے کہا بھوک کی وجہ سے۔میں حضرت ابوطلحہؓ کے پاس گیا اور وہ حضرت ام سلیمؓ بنتِ ملحان کے خاوند تھے میں نے کہا اے ابّا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے پیٹ کو کپڑے سے باندھے ہوئے دیکھا۔میں نے آپؐ کے کچھ صحابہؓ سے (اس بارہ میں) پوچھا تو انہوں نے کہا بھوک کی وجہ سے۔اس پر حضرت ابوطلحہؓ میری ماں کے پاس گئے اور کہا کچھ (کھانے کو) ہے؟ انہوں نے کہا ہاں میرے

أُسَامَةُ أَنَّ يَعْقُوبَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ جِئْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا مَعَ أَصْحَابِهِ يُحَدِّثُهُمْ وَقَدْ عَصَّبَ بَطْنَهُ بِعِصَابَةٍ قَالَ أُسَامَةُ وَأَنَا أَشُكُّ عَلَى حَجَرٍ فَقُلْتُ لِبَعْضِ أَصْحَابِهِ لِمَ عَصَّبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَهُ فَقَالُوا مِنَ الْجُوعِ فَذَهَبْتُ إِلَى أَبِي طَلْحَةَ وَهُوَ زَوْجُ أُمِّ سُلَيْمٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَقُلْتُ يَا أَبَتَاهُ قَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ عَصَّبَ بَطْنَهُ بِعِصَابَةٍ فَسَأَلْتُ بَعْضَ أَصْحَابِهِ فَقَالُوا مِنَ الْجُوعِ فَدَخَلَ أَبُو طَلْحَةَ عَلَى أُمِّي فَقَالَ هَلْ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ نَعَمْ عِنْدِي كِسَرٌ مِنْ خُبْزٍ وَتَمَرَاتٌ فَإِنْ جَاءَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحْدَهُ أَشْبَعْنَاهُ وَإِنْ جَاءَ آخَرُ مَعَهُ قَلَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ذَكَرَ سَائِرَ الْحَدِيثِ بِقِصَّتِهِ و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَعَامِ أَبِي طَلْحَةَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ [5319,5318,5317] [5324,5323,5322,5321,5320]

پاس روٹی کے کچھ ٹکڑے اور کھجوریں ہیں۔اگر صرف رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائیں تو ہم آپؐ کو کھانا پیش کر سکتے ہیں۔لیکن اگر دوسرے لوگ آپؐ کے ساتھ آ جائیں تو کھانا ان کے لئے کم پڑ جائے گا۔...

[21]4: بَاب: جَوَازُ أَكْلِ الْمَرَقِ وَاسْتِحْبَابُ أَكْلِ الْيَقْطِينِ وَإِيثَارُ أَهْلِ الْمَائِدَةِ بَعْضِهِمْ بَعْضًا وَإِنْ كَانُوا ضِيفَانًا إِذَا لَمْ يَكْرَهْ ذَلِكَ صَاحِبُ الطَّعَامِ

باب: شوربہ کھانے کا جواز اور کدو کھانے کا مستحب ہونا اور دستر خوان والوں کا ایک دوسرے کو ترجیح دینا خواہ وہ مہمان ہوں اگر (کھانے کی دعوت دینے) والا اسے ناپسند نہ کرے

3789{144}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى ذَلِكَ الطَّعَامِ فَقَرَّبَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُبْزًا مِنْ شَعِيرٍ وَمَرَقًا فِيهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيدٌ قَالَ أَنَسٌ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَيْ الصَّحْفَةِ قَالَ فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ مُنْذُ يَوْمَئِذٍ [5325]

3789: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک درزی نے رسول اللہ ﷺ کو کھانے کی دعوت دی جو اس نے آپؐ کے لئے بنایا تھا حضرت انسؓ بن مالک کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اس کھانے کے لئے گیا۔ اس نے جو کی روٹی اور شوربا جس میں کدو اور گوشت کے ٹکڑے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کئے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ پلیٹ کے کناروں سے چن کر کدو کھا رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں اس دن سے میں بھی کدو پسند کرنے لگا۔

3789 : **اطراف: مسلم** كتاب الاشربة باب جواز اكل المرق واستحباب اكل اليقطين ...3790

تخريج : بخارى كتاب البيوع باب الخياط 2092 كتاب الاطعمة باب من تتبع حوالى 5379 باب الثريد 5420 باب الدباء 5433 باب من اضاف رجلا ...5435 باب المرق 5436 باب القديد 5437 باب من ناول او قدم ...5439 **ابوداؤد** كتاب الاطعمة باب فى اكل الدباء 3782 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب **الدباء** 3302، 3303، 3304

3790{145}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَجِيءَ بِمَرَقَةٍ فِيهَا دُبَّاءٌ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مِنْ ذَلِكَ الدُّبَّاءِ وَيُعْجِبُهُ قَالَ فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ جَعَلْتُ أُلْقِيهِ إِلَيْهِ وَلَا أَطْعَمُهُ قَالَ فَقَالَ أَنَسٌ فَمَا زِلْتُ بَعْدُ يُعْجِبُنِي الدُّبَّاءُ و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَعَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا خَيَّاطًا دَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَادَ قَالَ ثَابِتٌ فَسَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ فَمَا صُنِعَ لِي طَعَامٌ بَعْدُ أَقْدِرُ عَلَى أَنْ يُصْنَعَ فِيهِ دُبَّاءٌ إِلَّا صُنِعَ [5327,5326]

3790: حضرت انسؓ بن مالک کہتے ہیں ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کی دعوت کی ۔ میں بھی آپؐ کے ساتھ گیا۔ وہ شوربا لایا گیا جس میں کدو تھا رسول اللہ ﷺ کدو تناول فرمانے لگے اور آپؐ اسے پسند فرما رہے تھے ۔وہ کہتے ہیں جب میں نے یہ دیکھا تو اسے آپؐ کی طرف کرنے لگا اور میں نے اسے خود نہیں کھایا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں اس کے بعد سے مجھے کدو اچھا لگنے لگا۔

ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک درزی نے رسول اللہ ﷺ کی دعوت کی ۔راوی ثابت نے کہا میں نے حضرت انسؓ کو کہتے ہوئے سنا اس کے بعد جب بھی میرے لئے کھانا تیار کیا گیا اگر مجھ سے ہوسکتا کہ اس میں کدو ڈالا جائے تو ڈالا جاتا۔

3790: اطراف: **مسلم** کتاب الاشربة باب جواز اکل المرق واستحباب اکل الیقطین ...3789

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب الخیاط 2092 کتاب الاطعمة باب من تتبع حوالی 5379 باب الثرید 5420 باب الدباء 5433 باب من اضاف رجلا ... 5435 باب المرق 5436 باب القدید 5437 باب من ناول او قدم ... 5439 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب فی اکل الدباء 3782 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب **الدباء** 3302، 3303، 3304

[22]5:بَاب اسْتِحْبَابِ وَضْعِ النَّوَى خَارِجَ التَّمْرِ وَاسْتِحْبَابِ دُعَاءِ الضَّيْفِ لِأَهْلِ الطَّعَامِ وَطَلَبِ الدُّعَاءِ مِنَ الضَّيْفِ الصَّالِحِ وَإِجَابَتِهِ لِذَلِكَ

اس بات کی پسندیدگی کا بیان کہ گٹھلی کھجور سے الگ رکھی جائے اور مہمان کا میزبان کے لئے دعا کرنے کی پسندیدگی کا بیان اور نیک مہمان سے دعا کی درخواست کرنا اور اس کا اس (درخواست) کو قبول کرنا

3791{146}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ نَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي قَالَ فَقَرَّبْنَا إِلَيْهِ طَعَامًا وَوَطْبَةً فَأَكَلَ مِنْهَا ثُمَّ أُتِيَ بِتَمْرٍ فَكَانَ يَأْكُلُهُ وَيُلْقِي النَّوَى بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ وَيَجْمَعُ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى قَالَ شُعْبَةُ هُوَ ظَنِّي وَهُوَ فِيهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ إِلْقَاءُ النَّوَى بَيْنَ الْإِصْبَعَيْنِ ثُمَّ أُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ الَّذِي عَنْ يَمِينِهِ قَالَ فَقَالَ أَبِي وَأَخَذَ بِلِجَامِ دَابَّتِهِ ادْعُ اللَّهَ لَنَا فَقَالَ اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي مَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا

3791:عبداللہ بن بسر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ میرے باپ کے پاس بطور مہمان تشریف لائے ہم نے آپؐ کی خدمت میں کھانا اور وطبہ پیش کیا[1]۔آپؐ نے اس میں سے کھایا پھر آپؐ کے پاس کھجوریں لائی گئیں آپؐ انہیں کھاتے تھے اور گٹھلی کو دو انگلیوں سے (پکڑ کر) رکھتے۔اور شہادت کی انگلی اور درمیانی کو ملا لیتے۔شعبہ کہتے ہیں یہ میرا گمان ہے اور اس طرح انشاءاللہ کہ دو انگلیوں کے درمیان گٹھلی کو اس طرح ڈالنا ہے۔[2] پھر کوئی مشروب لایا گیا آپؐ نے اُسے پیا پھر آپؐ نے وہ اسے دیا جو آپؐ کے دائیں طرف تھا۔وہ کہتے ہیں میرے والد نے کہا جبکہ انہوں نے آپ ﷺ کی سواری کی لگام پکڑی ہوئی تھی کہ اللہ سے ہمارے لئے دعا کیجئے۔آپؐ نے دعا کی اے اللہ!

3791: تخريج : ابو داؤد كتاب الاشربة باب فى النفخ فى الشراب والتنفس فيه 3729

1 وطبہ سے مراد ایک میٹھا ہے جو کھجور، پنیر اور گھی سے تیار کیا جاتا ہے۔

2 یہ عبارت جیسا کہ شعبہ راوی نے اظہار کیا ہے۔قیاس پر مبنی ہے۔

ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح و حَدَّثَنِيه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَمْ يَشُكَّا فِي إِلْقَاءِ النَّوَى بَيْنَ الْإِصْبَعَيْنِ [5329,5328]

جو کچھ تو نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں ان کے لئے برکت ڈال دے۔ اور انہیں بخش دے۔ اور ان پر رحم فرما۔

[23]6: بَاب أَكْلِ الْقِثَّاءِ بِالرُّطَبِ

کھجور کے ساتھ ککڑی کھانے کا بیان

3792{147} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَوْنٍ الْهِلَالِيُّ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ [5330]

3792: حضرت عبداللہؓ بن جعفر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو کھجور کے ساتھ ککڑی کھاتے ہوئے دیکھا۔

[24]7: بَاب اسْتِحْبَابِ تَوَاضُعِ الْآكِلِ وَصِفَةِ قُعُودِهِ

کھانے والے کی خاکساری کا مستحب ہونا اور اس کے بیٹھنے کے انداز کا بیان

3793{148} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ كِلَاهُمَا عَنْ حَفْصٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

3793: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو گوٹ مار کر بیٹھے ہوئے کھجوریں کھاتے دیکھا۔

3792: **تخریج** : **بخاری** کتاب الا طعمة باب القثاء بالرطب 5440 باب القثاء 5447 باب جمع اللونين او الطعامين بمرة 5449 **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ما جاء فی اکل القثاء بالرطب 1844 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب فی الجمع بین اللونین فی الاکل 3835 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب فی باب القثاء والرطب يجمعان 3325

3793: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب استحباب تواضع الآکل وصفة قعوده 3794

تخریج : **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب ماجاء فی الاکل متکا 3771

قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْعِيًا يَأْكُلُ تَمْرًا [5331]

3794{149} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُهُ وَهُوَ مُحْتَفِزٌ يَأْكُلُ مِنْهُ أَكْلًا ذَرِيعًا وَفِي رِوَايَةِ زُهَيْرٍ أَكْلًا حَثِيثًا [5332]

3794: حضرت انسؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ کے پاس کھجوریں لائی گئیں نبی ﷺ دو زانو بیٹھے اسے تقسیم فرما رہے تھے اور قدرے تیزی سے اس میں سے کھا رہے تھے اور زھیر کی روایت میں اَكْلًا حَثِيثًا کے الفاظ ہیں۔

[25]8: بَاب نَهْيِ الْآكِلِ مَعَ جَمَاعَةٍ عَنْ قِرَانِ تَمْرَتَيْنِ وَنَحْوِهِمَا فِي لُقْمَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ أَصْحَابِهِ

مل کر کھاتے وقت اپنے ساتھیوں سے پوچھے بغیر ایک لقمہ میں دو یا زائد کھجوریں کھانے کی ممانعت کا بیان

3795{150} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ جَبَلَةَ بْنَ سُحَيْمٍ قَالَ كَانَ ابْنُ

3795: شعبہ کہتے ہیں میں نے جبلہ بن سحیم کو کہتے ہوئے سنا کہ ابن زبیرؓ ہمیں کھجوریں دیتے تھے۔ راوی کہتے ہیں ان دنوں لوگ بہت مشکل حالات سے

3794: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب استحباب تواضع الآكل وصفة قعوده 3793

تخریج : **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب ماجاء فی الاکل متکا 3770

3795: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب نهی الآكل مع جماعة عن قران تمرتین 3796

تخریج : **بخاری** کتاب المظالم باب اذا اذن انسان لاخر شیئا جاز 2455 کتاب الشرکة باب القران فی التمر بین الشرکاء 2489، 2490 کتاب الاطعمة باب القران فی التمر 5446 **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ما جاء فی کراهیة القران بین التمرتین 1814 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب الاقران فی التمر عند الاکل 3834 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب النهی عن قران التمر 3331، 3332

الزُّبَيْرِ يَرْزُقُنَا التَّمْرَ قَالَ وَقَدْ كَانَ أَصَابَ النَّاسَ يَوْمَئِذٍ جَهْدٌ وَكُنَّا نَأْكُلُ فَيَمُرُّ عَلَيْنَا ابْنُ عُمَرَ وَنَحْنُ نَأْكُلُ فَيَقُولُ لَا تُقَارِنُوا فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْإِقْرَانِ إِلَّا أَنْ يَسْتَأْذِنَ الرَّجُلُ أَخَاهُ قَالَ شُعْبَةُ لَا أُرَى هَذِهِ الْكَلِمَةَ إِلَّا مِنْ كَلِمَةِ ابْنِ عُمَرَ يَعْنِي الِاسْتِئْذَانَ و حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِهِمَا قَوْلُ شُعْبَةَ وَلَا قَوْلُهُ وَقَدْ كَانَ أَصَابَ النَّاسَ يَوْمَئِذٍ جَهْدٌ [5334,5333]

دوچار تھے ۔ہم کھا رہے تھے تو حضرت ابن عمرؓ ہمارے پاس سے گذرے انہوں نے کہا دودو کھجوریں ملا کر نہ لو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے دو دو اکٹھی کھجوریں لینے سے منع فرمایا ہے ۔سوائے اس کے کوئی شخص اپنے بھائی سے اجازت لے۔ شعبہ کہتے ہیں میرے خیال میں یہ بات حضرت ابن عمرؓ کی ہے یعنی اجازت لینے کی بات۔

ایک اورروایت میں وَقَدْ كَانَ أَصَابَ النَّاسَ يَوْمَئِذٍ جَهْدٌ کے الفاظ نہیں ہیں۔

3796{151}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْرِنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتَّى يَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَهُ [5335]

3796: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص دودو کھجوریں اکٹھی کھائے سوائے اس کے کہ اپنے ساتھیوں سے اجازت لے لے۔

3796: **اطراف** :**مسلم** کتاب الاشربة باب نهی الآکل مع جماعة عن قران تمرتین 3795

تخریج : **بخاری** کتاب المظالم باب اذا اذن انسان لاخر شیئا جاز 2455 کتاب الشرکة باب القران فی التمر بین الشرکاء 2489، 2490 کتاب الاطعمة باب القِران فی التمر 5446 **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ما جاء فی کراهیة القِران بین التمرتین 1814 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب الاقران فی التمر عند الاکل 3834 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب النهی عن قران التمر 3331، 3332

[26]9:بَاب فِي ادِّخَالِ التَّمْرِ وَنَحْوِهِ مِنَ الْأَقْوَاتِ لِلْعِيَالِ

باب: کھجور وغیرہ غذاؤں کو اہل وعیال کے لئے ذخیرہ کرنا

3797{152}حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوعُ أَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُ [5336]

3797:حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا وہ گھر والے جن کے پاس کھجوریں ہوں بھوکے نہیں رہ سکتے۔

3798{153}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ عَنْ أَبِي الرِّجَالِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ أَوْ جَاعَ أَهْلُهُ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا [5337]

3798:حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہؓ !جس گھر میں کھجور نہیں اس گھر والے بھوکے ہیں۔اے عائشہؓ! جس گھر میں کھجور نہیں اس گھر والے بھوکے ہیں یا فرمایا بھوکے رہے۔آپؐ نے یہ دو یا تین مرتبہ فرمایا۔

3797 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الاشربة باب فی ادخار التمر ونحوه من الاقوات 3798

تخریج : **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ما جاء فی استحباب التمر 1815 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب فی التمر 3831 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب التمر 3327 ، 3328

3798:**اطراف** :**مسلم** کتاب الاشربة باب فی ادخار التمر ونحوه من الاقوات 3797

تخریج : **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ما جاء فی استحباب التمر 1815 **ابو داؤد** کتاب الاطعمة باب فی التمر 3831 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب التمر 3327 ، 3328

[27]10:بَاب فَضْلِ تَمْرِ الْمَدِينَةِ

مدینہ کی کھجور کی فضیلت کا بیان

3799{154}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِمَّا بَيْنَ لَابَتَيْهَا حِينَ يُصْبِحُ لَمْ يَضُرَّهُ سُمٌّ حَتَّى يُمْسِيَ [5338]

3799: عامر بن سعد بن ؓ ابی وقاص اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ان دو لاوا کے میدانوں کے درمیان صبح کو سات کھجوریں کھائے تو شام تک اسے کوئی زہر ضرر نہیں پہنچائے گا۔

3800{155}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَمْ يَضُرَّهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ سُمٌّ وَلَا سِحْرٌ و حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ ح و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو بَدْرٍ

3800: عامر بن سعد بن ؓ ابی وقاص کہتے ہیں میں نے سعد ؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھائیں اسے اس دن کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

3799: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب فی ادخار التمر ونحوه من الاقوات 3800

تخريج : **بخاری** کتاب الاطعمة باب العجوة 5445 کتاب الطب باب الدواء بالعجوة للسحر 5768، 5769 باب شرب السم والدواء به 5779 **ابو داؤد** کتاب الطب باب فی تمرة العجوة 3876

3800 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب فی ادخار التمر ونحوه من الاقوات 3799

تخريج: **بخاری** کتاب الاطعمة باب العجوة 5445 کتاب الطب باب الدواء بالعجوة للسحر 5768، 5769 باب شرب السم والدواء به 5779 **ابو داؤد** کتاب الطب باب فی تمرة العجوة 3876

شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ كِلَاهُمَا عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَلَا يَقُولَانِ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5340,5339]

3801{156} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَيَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَابْنُ حُجْرٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شَرِيكٍ وَهُوَ ابْنُ أَبِي نَمِرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءً أَوْ إِنَّهَا تِرْيَاقٌ أَوَّلَ الْبُكْرَةِ [5341]

3801: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عالیہ کی عجوہ میں شفاء ہے یا فرمایا صبح صبح وہ تریاق ہے۔☆

[28]11: بَاب: فَضْلُ الْكَمْأَةِ وَمُدَاوَاةُ الْعَيْنِ بِهَا

باب: کھمبی کی فضیلت اور اس سے آنکھ کا علاج

3802{157} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ وَعَمْرُو بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ

3802: حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو بن نفیل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ کھمبی مَــنّ میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

☆ مدینہ کا مرکز نشیب میں تھا اور ارد گرد کی اضافی بستیاں بلندی پر تھیں اور عوالی کہلاتی تھیں۔ (عوالی عالیہ کی جمع ہے۔)

3802: اطراف : **مسلم** كتاب الاشربة باب فضل الكمأة ومداواة العين بها 2803 ، 2804 ، 2805 ، 2806 ، 2807

تخریج : **بخاری** كتاب التفسير باب وظللنا عليكم الغمام وانزلنا عليكم المن والسلوى...4478 باب المن والسلوى 4639 كتاب الطب باب المن شفاء للعين 5708 **ترمذی** كتاب الطب باب ما جاء في الكمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 **ابن ماجه** كتاب الطب باب الكمأة والعجوة 3453 ، 3454 ، 3455

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ[5342]

3803{158} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ وَأَخْبَرَنِي الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شُعْبَةُ لَمَّا حَدَّثَنِي بِهِ الْحَكَمُ لَمْ أُنْكِرْهُ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الْمَلِكِ [5344,5343]

3803: حضرت سعیدؓ بن زید کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ کھمبی مَنّ میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

3804{159}حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْثَرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ

3804: حضرت سعیدؓ بن زید بن عمرو بن نفیل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

3803: اطراف : **مسلم** کتاب الاشربة باب فضل الکمأة ومداواة العین بها 2802 ، 2804 ، 2805 ، 2806 ، 2807
تخریج : **بخاری** کتاب التفسیر باب وظللنا علیکم الغمام وانزلنا علیکم المن والسلوی... 4478 باب المن والسلوی 4639 کتاب الطب باب المن شفاء للعین 5708 **ترمذی** کتاب الطب باب ما جاء فی الکمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 **ابن ماجه** کتاب الطب باب الکمأة والعجوة 3453 ، 3454 ، 3455

3804: اطراف : **مسلم** کتاب الاشربة باب فضل الکمأة ومداواة العین بها 2802 ، 2803 ، 2805 ، 2806 ، 2807
تخریج : **بخاری** کتاب التفسیر باب وظللنا علیکم الغمام وانزلنا علیکم المن والسلوی...4478 باب المن والسلوی 4639 کتاب الطب باب المن شفاء للعین 5708 **ترمذی** کتاب الطب باب ما جاء فی الکمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 **ابن ماجه** کتاب الطب باب الکمأة والعجوة 3453، 3454 ، 3455

الْحَكَمِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي أَنْزَلَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ [5345]

کھمبی اس مَنّ میں سے ہے جو اللہ تبارک تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر اتارا تھا اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

3805{160} وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي أَنْزَلَ اللَّهُ عَلَى مُوسَى وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ [5346]

3805: حضرت سعیدؓ بن زید سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کھمبی اس مَنّ میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر اتارا تھا اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

3806{161}حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ يَقُولُ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ

3806:حضرت سعیدؓ بن زید کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کھمبی مَنّ میں سے ہے جو اللہ عزّ وجل نے بنی اسرائیل پر نازل فرمایا اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

3805: **اطراف** : **مسلم** كتاب الاشربة باب فضل الكمأة ومداواة العين بها 2802 ، 2803 ، 2804 ، 2806 ، 2807
تخریج : **بخاری** كتاب التفسير باب وظللنا عليكم الغمام وانزلنا عليكم المن والسلوى...4478 باب المن والسلوى 4639 كتاب الطب باب المن شفاء للعين 5708 **ترمذی** كتاب الطب باب ما جاء فى الكمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 **ابن ماجه** كتاب الطب باب الكمأة والعجوة 3453، 3454 ، 3455

3806:**اطراف** : **مسلم** كتاب الاشربة باب فضل الكمأة ومداواة العين بها 2802 ، 2803 ، 2804 ، 2805 ، 2807
تخریج : **بخاری** كتاب التفسير باب وظللنا عليكم الغمام وانزلنا عليكم المن والسلوى...4478 باب المن والسلوى 4639 كتاب الطب باب المن شفاء للعين 5708 **ترمذی** كتاب الطب باب ما جاء فى الكمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 **ابن ماجه** كتاب الطب باب الكمأة والعجوة 3453، 3454 ، 3455

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ [5347]

3807{162} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَ سَمِعْتُهُ مِنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ سَمِعْتُهُ مِنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ فَلَقِيتُ عَبْدَ الْمَلِكِ فَحَدَّثَنِي عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ [5348]

3807: حضرت سعیدؓ بن زید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کھمبی مَنّ میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔

[29]12: بَاب: فَضِيلَةُ الْأَسْوَدِ مِنَ الْكَبَاثِ

باب: کباث☆ میں سے کالے رنگ کی فضیلت

3808{163} حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى

3808: حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم مَرُّ الظَّهران میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے اور ہم کباث چن رہے تھے تو نبی ﷺ نے فرمایا ان میں سے کالے چنو۔ راوی کہتے ہیں ہم نے عرض

3807: اطراف : مسلم کتاب الاشربة باب فضل الکمأة ومداواة العین بها 2802 ، 2803 ، 2804 ، 2805 ، 2806
تخریج : بخاری کتاب التفسیر باب وظللنا علیکم الغمام وانزلنا علیکم المن والسلوی...4478 باب المن والسلوی 4639 کتاب الطب باب المن شفاء للعین 5708 ترمذی کتاب الطب باب ما جاء فی الکمأة والعجوة 2066 ، 2067 ، 2068 ابن ماجه کتاب الطب باب الکمأة والعجوة 3453، 3454 ، 3455

☆ پکے ہوئے پیلو کو کباث کہتے ہیں۔

3808: تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب یعکفون علی اصنام لهم 3406 کتاب الاطعمة باب الکباث وهو ثمر الاراک 5453

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ وَنَحْنُ نَجْنِي الْكَبَاثَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ قَالَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَأَنَّكَ رَعَيْتَ الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ رَعَاهَا أَوْ نَحْوَ هَذَا مِنَ الْقَوْلِ[5349]

کیا یارسولؐ اللہ !معلوم ہوتا ہے آپؐ نے بکریاں چرائی ہیں۔آپؐ نے فرمایاہاں کوئی نبی ایسانہیں گذرا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔ یا اس جیسی بات فرمائی۔

[30]13: بَاب فَضِيلَةِ الْخَلِّ وَالتَّأَدُّمِ بِهِ

سرکہ کی فضیلت اوراسے سالن کےطور پراستعمال کرنے کا بیان

3809{164}حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نِعْمَ الْأُدُمُ أَوِ الْإِدَامُ الْخَلُّ {165} وحَدَّثَنَاه مُوسَى بْنُ قُرَيْشِ بْنِ نَافِعٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ نِعْمَ الْأُدُمُ وَلَمْ يَشُكَّ[5351,5350]

3809:حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبیﷺ نےفرمایاسرکہ کیاہی اچھاسالن ہے۔
راوی بیان کرتے ہیں کہ لفظ اِدَامُ استعمال کیایااُدُم۔

3810{166}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ أَبِي

3810:حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ نبیﷺ نے اپنے گھر والوں سے سالن کے بارہ میں

3809: اطراف : **مسلم** كتاب الاشربة باب فضيلة الخل والتأدم به 3810 ، 3811 ، 3812
تخريج : ترمذی كتاب الاطعمة باب ماجاء فى الخل 1839 ، 1840 ، 1842 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب الائتدام بالخل 3316، 3317، 3318

3810: اطراف : **مسلم** كتاب الاشربة باب فضيلة الخل والتأدم به 3809 ، 3811، 3812
تخريج : ترمذی كتاب الاطعمة باب ماجاء فى الخل 1839 ، 1840 ، 1842 **ابن ماجه** كتاب الاطعمة باب الائتدام بالخل 3316، 3317، 3318

سُفْيَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ أَهْلَهُ الْأُدُمَ فَقَالُوا مَا عِنْدَنَا إِلَّا خَلٌّ فَدَعَا بِهِ فَجَعَلَ يَأْكُلُ بِهِ وَيَقُولُ نِعْمَ الْأُدُمُ الْخَلُّ نِعْمَ الْأُدُمُ الْخَلُّ [5352]

پوچھا۔انہوں نے کہا ہمارے پاس تو صرف سرکہ ہے۔آپؐ نے وہ منگوایا اوراس کے ساتھ کھانے لگے اورفرمانے لگے سرکہ کیا ہی اچھا سالن ہے،سرکہ کیا ہی اچھا سالن ہے۔

3811{167}حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ أَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي ذَاتَ يَوْمٍ إِلَى مَنْزِلِهِ فَأَخْرَجَ إِلَيْهِ فِلَقًا مِنْ خُبْزٍ فَقَالَ مَا مِنْ أُدُمٍ فَقَالُوا لَا إِلَّا شَيْءٌ مِنْ خَلٍّ قَالَ فَإِنَّ الْخَلَّ نِعْمَ الْأُدُمُ قَالَ جَابِرٌ فَمَا زِلْتُ أُحِبُّ الْخَلَّ مُنْذُ سَمِعْتُهَا مِنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و قَالَ طَلْحَةُ مَا زِلْتُ أُحِبُّ الْخَلَّ مُنْذُ سَمِعْتُهَا مِنْ جَابِرٍ {168}حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِهِ إِلَى مَنْزِلِهِ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ إِلَى

3811:حضرت جابر بنؓ عبداللہ کہتے ہیں ایک دن رسول اللہ ﷺ نے اپنے گھر جاتے ہوئے میرا ہاتھ پکڑا۔(گھر والوں) نے آپؐ کے لئے روٹی کے چند ٹکڑے نکالے۔آپؐ نے فرمایا سالن نہیں ہے؟ انہوں نے عرض کیا تھوڑے سے سرکہ کے سوا کچھ نہیں۔آپؐ نے فرمایا(لے آؤ) سرکہ کیا ہی اچھا سالن ہے۔حضرت جابرؓ کہتے ہیں جب سے میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا میں سرکہ پسند کرتا ہوں اورراوی طلحہ کہتے ہیں جب سے میں نے حضرت جابرؓ سے یہ سنا ہے اس وقت سے میں (بھی) سرکہ پسند کرتا ہوں۔

ایک اورروایت میں(اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ بِیَدِی ذَاتَ یَوْمٍ اِلٰی مَنْزِلِہٖ کی بجائے) أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ اَخَذَ بِیَدِہٖ اِلٰی مَنْزِلِہٖ کے الفاظ ہیں اورروایت کے آخر میں فَنِعْمَ الْاُدُمُ الْخَلُّ کے الفاظ ہیں مگر اس کے بعد کے الفاظ بیان نہیں۔

3811: اطراف : **مسلم** کتاب الاشربة باب فضیلة الخل والتأدم به 3809 ، 3810، 3812

تخریج : **ترمذی** کتاب الاطعمة باب ماجاء فی الخل 1839 ، 1840 ، 1842 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب الائتدام بالخل 3316، 3317، 3318

قَوْله فَنِعْمَ الْأُدُمُ الْخَلُّ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ [5354,5353]

3812{169} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي زَيْنَبَ حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِي دَارِي فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَشَارَ إِلَيَّ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَأَخَذَ بِيَدِي فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَى بَعْضَ حُجَرِ نِسَائِهِ فَدَخَلَ ثُمَّ أَذِنَ لِي فَدَخَلْتُ الْحِجَابَ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ مِنْ غَدَاءٍ فَقَالُوا نَعَمْ فَأُتِيَ بِثَلَاثَةِ أَقْرِصَةٍ فَوُضِعْنَ عَلَى نَبِيٍّ فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْصًا فَوَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَخَذَ قُرْصًا آخَرَ فَوَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيَّ ثُمَّ أَخَذَ الثَّالِثَ فَكَسَرَهُ بِاثْنَيْنِ فَجَعَلَ نِصْفَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَنِصْفَهُ بَيْنَ يَدَيَّ ثُمَّ قَالَ هَلْ مِنْ أُدُمٍ قَالُوا لَا إِلَّا شَيْءٌ مِنْ خَلٍّ قَالَ هَاتُوهُ فَنِعْمَ الْأُدُمُ هُوَ [5355]

3812: حضرت جابرؓ بن عبداللہ کہتے ہیں میں اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گذرے اور آپؐ نے مجھے اشارہ فرمایا میں اُٹھ کر آپؐ کے پاس گیا۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ہم چلے یہانتک کہ آپؐ اپنی ایک زوجہ مطہرہ کے حجرہ میں آئے۔ آپؐ اندر داخل ہوئے ۔ پھر آپؐ نے مجھے اجازت دی۔ میں اس جگہ داخل ہوا جہاں پردہ پڑا ہوا تھا۔ آپؐ نے فرمایا کیا کوئی کھانا ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں۔ پھر تین روٹیاں لائی گئیں اور نبی ﷺ کے سامنے رکھ دی گئیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک روٹی لی، اسے اپنے سامنے رکھا اور دوسری روٹی لی اور اسے میرے سامنے رکھا پھر تیسری لی۔ اس کے دو حصے کئے، نصف اپنے سامنے رکھی اور نصف میرے سامنے۔ پھر فرمایا کیا کوئی سالن ہے؟ انہوں نے کہا نہیں مگر کچھ سرکہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا وہی لے آؤ۔ کیا ہی اچھا سالن ہے وہ۔

3812: اطراف : مسلم کتاب الاشربة باب فضيلة الخل والتأدم به 3809، 3810، 3811

تخریج : ترمذی کتاب الاطعمة باب ماجاء فی الخل 1839 ، 1840، 1841، 1842 ابن ماجه کتاب الاطعمة باب الائتدام بالخل 3316، 3317، 3318

[31]14: بَاب إِبَاحَةِ أَكْلِ الثُّومِ وَأَنَّهُ يَنْبَغِي لِمَنْ أَرَادَ خِطَابَ الْكِبَارِ تَرْكُهُ وَكَذَا مَا فِي مَعْنَاهُ

لہسن کھانے کا جواز اور یہ کہ وہ شخص جس کا بڑوں سے مخاطب ہونے کا ارادہ ہو اس کو چاہئے کہ اسے چھوڑ دے اور اسی طرح وہ چیز جو (لہسن) جیسی ہو کا بیان

3813{170} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُتِيَ بِطَعَامٍ أَكَلَ مِنْهُ وَبَعَثَ بِفَضْلِهِ إِلَيَّ وَإِنَّهُ بَعَثَ إِلَيَّ يَوْمًا بِفَضْلَةٍ لَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا لِأَنَّ فِيهَا ثُومًا فَسَأَلْتُهُ أَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلَكِنِّي أَكْرَهُهُ مِنْ أَجْلِ رِيحِهِ قَالَ فَإِنِّي أَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ [5357,5356]

3813: حضرت ابوایوبؓ انصاری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ کے پاس کھانا پیش کیا جاتا۔ آپؐ اس میں سے کھاتے اور اس میں سے جو بچ جاتا وہ مجھے بھیج دیتے۔ ایک دن آپؐ نے مجھے بچا ہوا کھانا بھیجا جس میں سے آپؐ نے نہیں کھایا تھا کیونکہ اس میں لہسن تھا۔ میں نے آپؐ سے پوچھا کیا یہ حرام ہے؟ آپؐ نے فرمایا نہیں لیکن میں اس کی بو کی وجہ سے اسے ناپسند کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا جو چیز آپؐ ناپسند فرماتے ہیں میں بھی اسے ناپسند کرتا ہوں۔

3814 {171} و حَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ

3814: حضرت ابوایوبؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ان کے ہاں اترے۔☆ نبی ﷺ نچلی منزل میں اور

3813: اطراف : مسلم كتاب الاشربة باب اباحة اكل الثوم ...3814

تخريج : ترمذی كتاب الاطعمة باب ما جاء فی كراهية اكل الثوم والبصل1807

3814: اطراف : مسلم كتاب الاشربة باب اباحة اكل الثوم ...3813

تخريج : ترمذی كتاب الاطعمة باب ما جاء فی كراهية اكل الثوم والبصل 1807

☆ یہ مکہ سے مدینہ ہجرت کر کے تشریف لانے کا ذکر ہے۔

وَاللَّفْظُ مِنْهُمَا قَرِيبٌ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ فِي رِوَايَةِ حَجَّاجِ بْنِ يَزِيدَ أَبُو زَيْدٍ الْأَحْوَلُ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَفْلَحَ مَوْلَى أَبِي أَيُّوبَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَلَيْهِ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّفْلِ وَأَبُو أَيُّوبَ فِي الْعِلْوِ قَالَ فَانْتَبَهَ أَبُو أَيُّوبَ لَيْلَةً فَقَالَ نَمْشِي فَوْقَ رَأْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحَّوْا فَبَاتُوا فِي جَانِبٍ ثُمَّ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّفْلُ أَرْفَقُ فَقَالَ لَا أَعْلُو سَقِيفَةً أَنْتَ تَحْتَهَا فَتَحَوَّلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُلُوِ وَأَبُو أَيُّوبَ فِي السُّفْلِ فَكَانَ يَصْنَعُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَإِذَا جِيءَ بِهِ إِلَيْهِ سَأَلَ عَنْ مَوْضِعِ أَصَابِعِهِ فَيَتَتَبَّعُ مَوْضِعَ أَصَابِعِهِ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا فِيهِ ثُومٌ فَلَمَّا رُدَّ إِلَيْهِ سَأَلَ عَنْ مَوْضِعِ أَصَابِعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيلَ لَهُ لَمْ يَأْكُلْ فَفَزِعَ وَصَعِدَ إِلَيْهِ فَقَالَ أَحَرَامٌ هُوَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَلَكِنِّي أَكْرَهُهُ قَالَ فَإِنِّي أَكْرَهُ مَا تَكْرَهُ أَوْ مَا كَرِهْتَ قَالَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى [5358]

حضرت ابوایوبؓ اوپر والی منزل میں تھے۔ راوی کہتے ہیں ایک رات ابو ایوب بیدار ہوئے اور کہا ہم رسول اللہ ﷺ کے سر کے اوپر چلتے ہیں۔ پس وہ ایک طرف ہٹ گئے اور ایک کونے میں رات گزاری۔ پھر انہوں نے نبی ﷺ کی خدمت میں عرض کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا نچلے حصہ میں زیادہ سہولت ہے۔ انہوں نے کہا میں اس چھت پر نہیں رہ سکتا۔ جس کے نیچے آپؐ ہوں۔ نبی ﷺ اوپر منتقل ہو گئے اور ابوایوبؓ نیچے۔ وہ نبی ﷺ کے لئے کھانا بناتے تھے اور جب وہ (کھانا) رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ان کے پاس واپس لایا جاتا تو وہ پوچھتے کہ کس جگہ آپؐ کی انگلیاں لگی تھیں۔ پھر وہ آپؐ کی انگلیوں کی جگہ کا تتبع کرتے۔ انہوں نے (ایک دفعہ) آپؐ کے لئے کھانا تیار کیا جس میں لہسن تھا جب وہ اُن کی طرف واپس لایا گیا تو انہوں نے نبی ﷺ کی انگلیوں کی جگہ کے متعلق پوچھا اور ان سے کہا گیا کہ آپؐ نے نہیں کھایا تو وہ گھبرا گئے اور آپؐ کی طرف اوپر گئے اور پوچھا کیا یہ حرام ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا نہیں لیکن میں اسے ناپسند کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا جس کو آپؐ ناپسند کرتے ہیں میں اس کو ناپسند کرتا ہوں یا (انہوں نے کہا) جس کو آپؐ نے ناپسند کیا۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس (فرشتے) آتے تھے۔

[32]15:بَاب إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَفَضْلِ إِيثَارِهِ

مہمان کا اکرام اوراس کے لئے ایثار کرنے کی فضیلت کا بیان

3815{172} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي مَجْهُودٌ فَأَرْسَلَ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ فَقَالَتْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى أُخْرَى فَقَالَتْ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى قُلْنَ كُلُّهُنَّ مِثْلَ ذَلِكَ لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ فَقَالَ مَنْ يُضِيفُ هَذَا اللَّيْلَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَحْلِهِ فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ قَالَتْ لَا إِلَّا قُوتُ صِبْيَانِي قَالَ فَعَلِّلِيهِمْ بِشَيْءٍ فَإِذَا دَخَلَ ضَيْفُنَا فَأَطْفِئِ السِّرَاجَ وَأَرِيهِ أَنَّا نَأْكُلُ فَإِذَا أَهْوَى لِيَأْكُلَ فَقُومِي إِلَى السِّرَاجِ حَتَّى تُطْفِئِيهِ قَالَ فَقَعَدُوا وَأَكَلَ الضَّيْفُ فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

3815:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اس نے کہا میں فاقہ زدہ ہوں۔آپؐ نے اپنی ایک زوجہ مطہرہ کی طرف پیغام بھیجا،انہوں نے کہا اس کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔میرے پاس پانی کے سوا کچھ نہیں ہے۔پھر آپؐ نے (ایک اور زوجہ مطہرہ) کی طرف بھیجا۔انہوں نے بھی اسی طرح کہا یہاں تک کہ ان سب نے اسی طرح کہا کہ نہیں!اس کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میرے پاس پانی کے سوا کچھ نہیں۔اس پر آپؐ نے فرمایا جو اس شخص کو رات مہمان بنائے گا اللہ اس پر رحم کرے گا۔انصارؓ میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا میں یا رسولؐ اللہ! وہ اسے اپنے گھر لے گیا اور اپنی بیوی سے کہا کیا تیرے پاس کچھ ہے؟اس نے کہا سوائے میرے بچوں کی خوراک کے اور کچھ نہیں۔انہوں نے کہا کہ انہیں کسی چیز سے بہلا دو اور جب ہمارا مہمان اندر آئے تو چراغ بجھا دینا اور اس پر ظاہر کرو کہ ہم کھانا کھا رہے ہیں۔جب وہ کھانے لگے تو چراغ کی طرف جانا اور

3815: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب اکرام الضیف و فضل ایثارہ 3816

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب الانصارباب قول اللّٰہ عزّ وجلّ و یؤثرون علی انفسھم ... 3798 کتاب التفسیر باب قولہ . ویؤثرون علی انفسھم 4889 **ترمذی** کتاب التفسیر باب و من سورة الحشر 3304

وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ عَجِبَ اللَّهُ مِنْ صَنِيعِكُمَا بِضَيْفِكُمَا اللَّيْلَةَ [5359]

اسے بجھا دینا۔ راوی کہتے ہیں وہ سب بیٹھے اور مہمان نے کھایا جب صبح ہوئی تو وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے فرمایا رات جو تم نے اپنے مہمان کے ساتھ کیا اللہ اس سے خوش ہوا۔

3816{173}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ بَاتَ بِهِ ضَيْفٌ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ إِلَّا قُوتُهُ وَقُوتُ صِبْيَانِهِ فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ نَوِّمِي الصِّبْيَةَ وَأَطْفِئِ السِّرَاجَ وَقَرِّبِي لِلضَّيْفِ مَا عِنْدَكِ قَالَ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُضِيفَهُ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مَا يُضِيفُهُ فَقَالَ أَلَا رَجُلٌ يُضِيفُ هَذَا رَحِمَهُ اللَّهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ أَبُو طَلْحَةَ فَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَحْلِهِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ جَرِيرٍ وَذَكَرَ فِيهِ نُزُولَ الْآيَةِ كَمَا ذَكَرَهُ وَكِيعٌ [5361,5360]

3816: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ انصارؓ میں سے ایک شخص کے پاس ایک مہمان نے رات گزاری اور اس کے پاس صرف اپنے لئے اور اپنے بچوں کے لئے ہی غذا تھی۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا بچوں کو سلا دو اور چراغ بجھا دو اور جو تمہارے پاس ہے مہمان کو پیش کر دو۔ راوی کہتے ہیں اور یہ آیت نازل ہوئی ”اور خود اپنی جانوں پر دوسروں کو ترجیح دیتے تھے باوجود اس کے کہ انہیں خود تنگی درپیش تھی☆“۔ ایک اور روایت میں ہے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا کہ وہ آپؐ کا مہمان ہو۔ آپؐ کے پاس اس کی مہمان نوازی کے لئے کچھ نہ تھا۔ آپؐ نے فرمایا کوئی ہے جو اس کی مہمان نوازی کرے؟ اللہ اس پر رحم فرمائے گا۔ اس پر انصارؓ میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جو ابو طلحہؓ کہلاتے تھے۔ وہ اسے اپنے ڈیرے پر لے گئے۔

3816 : اطراف : مسلم کتاب الاشربة باب اکرام الضیف و فضل ایثاره 3815
تخریج : بخاری کتاب المناقب باب قول اللّٰه عزّ وجلّ و یؤثرون علی انفسهم ...3798 ترمذی کتاب التفسیر باب و من سورة الحشر 3304
☆(الحشر: 10)

3817{174}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنِ الْمِقْدَادِ قَالَ أَقْبَلْتُ أَنَا وَصَاحِبَانِ لِي وَقَدْ ذَهَبَتْ أَسْمَاعُنَا وَأَبْصَارُنَا مِنَ الْجَهْدِ فَجَعَلْنَا نَعْرِضُ أَنْفُسَنَا عَلَى أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْهُمْ يَقْبَلُنَا فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ بِنَا إِلَى أَهْلِهِ فَإِذَا ثَلَاثَةُ أَعْنُزٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَلِبُوا هَذَا اللَّبَنَ بَيْنَنَا قَالَ فَكُنَّا نَحْتَلِبُ فَيَشْرَبُ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنَّا نَصِيبَهُ وَنَرْفَعُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصِيبَهُ قَالَ فَيَجِيءُ مِنَ اللَّيْلِ فَيُسَلِّمُ تَسْلِيمًا لَا يُوقِظُ نَائِمًا وَيُسْمِعُ الْيَقْظَانَ قَالَ ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّي ثُمَّ يَأْتِي شَرَابَهُ فَيَشْرَبُ فَأَتَانِي الشَّيْطَانُ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَقَدْ شَرِبْتُ نَصِيبِي فَقَالَ مُحَمَّدٌ يَأْتِي الْأَنْصَارَ فَيُتْحِفُونَهُ وَيُصِيبُ عِنْدَهُمْ مَا بِهِ حَاجَةٌ إِلَى هَذِهِ الْجُرْعَةِ فَأَتَيْتُهَا فَشَرِبْتُهَا فَلَمَّا أَنْ وَغَلَتْ فِي بَطْنِي وَعَلِمْتُ أَنَّهُ لَيْسَ إِلَيْهَا سَبِيلٌ قَالَ نَدَّمَنِي الشَّيْطَانُ فَقَالَ وَيْحَكَ مَا

3817: حضرت مقدادؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں اور میرے دو ساتھی آئے اور ہمارے کان اور آنکھیں مشقت کی وجہ سے متاثر ہوگئی تھیں۔ہم اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ پر پیش کرنے لگے مگر کسی نے ہمیں قبول نہ کیا تو ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے۔آپؐ ہمیں اپنے گھر لے گئے تو وہاں تین بکریاں تھیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا ان کا دودھ ہم سب کے لئے دودھ لیا کرو۔وہ کہتے ہیں ہم دودھ دوہتے اور ہم میں سے ہر شخص اپنا حصہ پی لیتا اور ہم نبی ﷺ کے لئے آپؐ کا حصہ رکھ دیتے۔وہ کہتے ہیں آپؐ رات کو تشریف لاتے اور السلام علیکم کہتے کہ سونے والا بیدار نہ ہوتا اور جو جاگ رہا ہوتا سن لیتا۔ وہ کہتے ہیں پھر آپؐ مسجد تشریف لے جاتے اور نماز پڑھتے پھر اپنا مشروب لیتے اور نوش فرماتے۔ایک رات میرے پاس شیطان آیا جبکہ میں اپنا حصہ پی چکا تھا۔اس نے کہا محمدؐ انصارؓ کے پاس جاتے ہیں وہ آپؐ کو پیش کرتے ہیں اور آپؐ کو ان کے ہاں سے (کچھ) مل جائے گا۔آپؐ کو اس گھونٹ کی کوئی ضرورت نہیں۔میں نے وہ لے کر پی لیا۔ جب وہ میرے پیٹ میں چلا گیا میں جان گیا کہ اب اس کے حصول کی کوئی راہ نہیں۔وہ کہتے ہیں شیطان نے مجھے نادم کیا اور کہا کہ تیرا برا ہو تو نے کیا کیا، تو نے

3817 : تخریج : ترمذی کتاب الاستیذان ولآداب عن رسول الله باب کیف السلام ؟ 2719

صَنَعْتَ أَشَرِبْتَ شَرَابَ مُحَمَّد فَيَجِيءُ فَلَا يَجِدُهُ فَيَدْعُو عَلَيْكَ فَتَهْلِكُ فَتَذْهَبُ دُنْيَاكَ وَآخِرَتُكَ وَعَلَيَّ شَمْلَةٌ إِذَا وَضَعْتُهَا عَلَى قَدَمَيَّ خَرَجَ رَأْسِي وَإِذَا وَضَعْتُهَا عَلَى رَأْسِي خَرَجَ قَدَمَايَ وَجَعَلَ لَا يَجِيئُنِي النَّوْمُ وَأَمَّا صَاحِبَايَ فَنَامَا وَلَمْ يَصْنَعَا مَا صَنَعْتُ قَالَ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ كَمَا كَانَ يُسَلِّمُ ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ فَصَلَّى ثُمَّ أَتَى شَرَابَهُ فَكَشَفَ عَنْهُ فَلَمْ يَجِدْ فِيهِ شَيْئًا فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ فَقُلْتُ الْآنَ يَدْعُو عَلَيَّ فَأَهْلِكُ فَقَالَ اللَّهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي وَأَسْقِ مَنْ أَسْقَانِي قَالَ فَعَمَدْتُ إِلَى الشَّمْلَةِ فَشَدَدْتُهَا عَلَيَّ وَأَخَذْتُ الشَّفْرَةَ فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْأَعْنُزِ أَيُّهَا أَسْمَنُ فَأَذْبَحُهَا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هِيَ حَافِلَةٌ وَإِذَا هُنَّ حُفَّلٌ كُلُّهُنَّ فَعَمَدْتُ إِلَى إِنَاءٍ لِآلِ مُحَمَّد صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانُوا يَطْمَعُونَ أَنْ يَحْتَلِبُوا فِيهِ قَالَ فَحَلَبْتُ فِيهِ حَتَّى عَلَتْهُ رَغْوَةٌ فَجِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَشَرِبْتُمْ شَرَابَكُمُ اللَّيْلَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ اشْرَبْ فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَنِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

محمدؐ کے حصہ کا مشروب پی لیا ہے؟ وہ تشریف لائیں گے اور اسے نہ پائیں گے تو وہ تیرے خلاف دعا کریں گے اور تو ہلاک ہوجائے گا اور تیری دنیا و آخرت تباہ ہوجائے گی۔ میرے اوپر ایک چادر تھی جب میں اسے اپنے پاؤں پر ڈالتا تو میرا سر باہر رہ جاتا اور جب سر پر ڈالتا تو میرے پاؤں باہر نکل جاتے اور مجھے نیند نہ آتی تھی اور میرے دونوں ساتھی تو سو گئے اور انہوں نے وہ نہیں کیا تھا جو میں نے کیا تھا۔ وہ کہتے ہیں پھر نبی ﷺ تشریف لائے۔ آپؐ نے السلام علیکم کہا جیسے کہا کرتے تھے۔ پھر مسجد گئے اور نماز پڑھی پھر اپنے مشروب کی طرف آئے اور اس سے ڈھکنا ہٹایا تو اس میں کچھ نہ پایا۔ آپؐ نے آسمان کی طرف سر اٹھایا۔ میں نے کہا اب آپؐ میرے خلاف دعا کریں گے اور میں ہلاک ہوجاؤں گا لیکن آپؐ نے کہا اے اللہ! جو مجھے کھلائے اس کو تو کھلا اور جو مجھے پلائے تو اس کو پلا۔ وہ کہتے ہیں میں نے اپنی چادر لی اور اسے اپنے اوپر مضبوطی سے باندھا اور چھری لی اور ان میں سے سب سے فربہ کی طرف چل پڑا کہ اسے رسول اللہ ﷺ کے لئے ذبح کروں۔ دیکھا تو اس کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے ہیں بلکہ ان سب کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے تھے۔ پھر میں محمد ﷺ کے گھر والوں کا ایک برتن لایا۔ ان کو خیال بھی نہ ہوتا تھا کہ اس میں دودھ

اشْرَبْ فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَنِي فَلَمَّا عَرَفْتُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَوِيَ وَأَصَبْتُ دَعْوَتَهُ ضَحِكْتُ حَتَّى أُلْقِيتُ إِلَى الْأَرْضِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى سَوْآتِكَ يَا مِقْدَادُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ كَانَ مِنْ أَمْرِي كَذَا وَكَذَا وَفَعَلْتُ كَذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هَذِهِ إِلَّا رَحْمَةٌ مِنَ اللَّهِ أَفَلَا كُنْتَ آذَنْتَنِي فَنُوقِظَ صَاحِبَيْنَا فَيُصِيبَانِ مِنْهَا قَالَ فَقُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُبَالِي إِذَا أَصَبْتَهَا وَأَصَبْتُهَا مَعَكَ مَنْ أَصَابَهَا مِنَ النَّاسِ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ[5363,5362]

دوھ کر اس کو بھریں گے۔ وہ کہتے ہیں میں نے اس میں دودھ دوہا یہانتک کہ اس کے اوپر تک جھاگ آ گئی۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم لوگوں نے آج رات اپنے حصہ کا دودھ پی لیا تھا؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا یارسولؐ اللہ! آپؐ پیجئے۔ آپؐ نے پیا پھر مجھے دیا میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ پیجئے۔ آپؐ نے پیا پھر مجھے دیا۔ جب مجھے محسوس ہوا کہ نبی ﷺ سیر ہو گئے ہیں اور میں نے آپؐ کی دعا لے لی ہے۔ میں ہنس پڑا یہانتک کہ میں بے اختیار زمین پر جا رہا۔ وہ کہتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا اے مقداد! تیری کوئی شرارت ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے ساتھ یوں ہوا اور میں نے یہ کیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت ہے۔ تو نے مجھے (پہلے) کیوں نہ بتایا تا کہ ہم اپنے دونوں ساتھیوں کو جگا لیتے۔ وہ بھی اس سے پیتے۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا اس کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ جب آپؐ نے وہ (رحمت) پالی اور آپؐ کے ساتھ میں نے وہ (رحمت) پالی۔ اب مجھے کوئی پرواہ نہیں کہ لوگوں میں سے کون اسے حاصل کرتا ہے۔

3818{175} وحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ

3818: عبد الرحمان بن ابو بکرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم ایک سوتیں آدمی نبی ﷺ کے ساتھ

3818 : تخریج : بخاری کتاب البیوع باب الشراء والبیع مع المشرکین و أهل الحرب 2216 کتاب الهبة وفضلها والتحریض علیها باب قبول الهدیة من المشرکین2618 کتاب الأطعمة باب من أکل حتی شبع 5382

وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى جَمِيعًا عَنْ الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ أَبِي عُثْمَانَ وَحَدَّثَ أَيْضًا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثِينَ وَمِائَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ طَعَامٌ فَإِذَا مَعَ رَجُلٍ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ أَوْ نَحْوُهُ فَعُجِنَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌّ طَوِيلٌ بِغَنَمٍ يَسُوقُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَيْعٌ أَمْ عَطِيَّةٌ أَوْ قَالَ أَمْ هِبَةٌ فَقَالَ لَا بَلْ بَيْعٌ فَاشْتَرَى مِنْهُ شَاةً فَصُنِعَتْ وَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَوَادِ الْبَطْنِ أَنْ يُشْوَى قَالَ وَايْمُ اللَّهِ مَا مِنَ الثَّلَاثِينَ وَمِائَةٍ إِلَّا حَزَّ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُزَّةً حُزَّةً مِنْ سَوَادِ بَطْنِهَا إِنْ كَانَ شَاهِدًا أَعْطَاهُ وَإِنْ كَانَ غَائِبًا خَبَأَ لَهُ قَالَ وَجَعَلَ قَصْعَتَيْنِ فَأَكَلْنَا مِنْهُمَا أَجْمَعُونَ وَشَبِعْنَا وَفَضَلَ فِي الْقَصْعَتَيْنِ فَحَمَلْتُهُ عَلَى الْبَعِيرِ أَوْ كَمَا قَالَ [5364]

تھے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کیا تم میں سے کسی کے پاس کھانا ہے؟ ایک شخص کے پاس ایک صاع یا اس کے لگ بھگ آٹا تھا۔ اسے گوندھا گیا پھر ایک پراگندہ بالوں والا قد آور شخص بکریاں ہانکتا ہوا لایا تو نبی ﷺ نے فرمایا کیا بیچنے کے لئے ہیں یا تحفہ؟ یا فرمایا یا ہبہ؟ اس نے کہا نہیں بلکہ بیچنے کے لئے! آپؐ نے اس سے ایک بکری خریدی اور اس کا گوشت بنایا گیا رسول اللہ ﷺ نے اس کی کلیجی بھوننے کا ارشاد فرمایا۔ راوی کہتے ہیں اور اللہ کی قسم! ایک سوتیس میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جسے رسول اللہ ﷺ نے کلیجی سے ایک ایک ٹکڑا کاٹ کر نہ دیا ہو۔ جو موجود تھا اس کو دے دیا اور غیر حاضر کے لئے بچا کر رکھ چھوڑا۔ راوی کہتے ہیں آپؐ نے دو اور پیالے بنائے ہم سب نے اس میں سے کھایا اور سیر ہو گئے اور دونوں پیالوں میں بچ بھی رہا۔ میں نے اسے اونٹ پر رکھ لیا یا جیسا انہوں نے کہا۔

3819{176} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ

3819: حضرت عبدالرحمان بن ابی بکر بیان کرتے ہیں کہ اصحاب صفہ محتاج لوگ تھے۔ ایک دفعہ

3819: اطراف : مسلم کتاب الاشربة باب اکرام الضیف و فضل ایثارہ 3820 ==

وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ كُلُّهُمْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ قَالَ أَبِي حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ أَنَّ أَصْحَابَ الصُّفَّةِ كَانُوا نَاسًا فُقَرَاءَ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَرَّةً مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَلَاثَةٍ وَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ أَرْبَعَةٍ فَلْيَذْهَبْ بِخَامِسٍ بِسَادِسٍ أَوْ كَمَا قَالَ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ جَاءَ بِثَلَاثَةٍ وَانْطَلَقَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَشَرَةٍ وَأَبُو بَكْرٍ بِثَلَاثَةٍ قَالَ فَهُوَ وَأَنَا وَأَبِي وَأُمِّي وَلَا أَدْرِي هَلْ قَالَ وَامْرَأَتِي وَخَادِمٌ بَيْنَ بَيْتِنَا وَبَيْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ تَعَشَّى عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَبِثَ حَتَّى صُلِّيَتِ الْعِشَاءُ ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتَّى نَعَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بَعْدَمَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللَّهُ قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ مَا حَبَسَكَ عَنْ أَضْيَافِكَ أَوْ قَالَتْ ضَيْفِكَ قَالَ أَوَ مَا عَشَّيْتِهِمْ قَالَتْ أَبَوْا حَتَّى تَجِيءَ قَدْ عَرَضُوا عَلَيْهِمْ فَغَلَبُوهُمْ قَالَ فَذَهَبْتُ أَنَا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کے پاس دو آدمیوں کا کھانا ہو وہ تین آدمیوں کو لے جائے اور جس کے پاس چار کا ہو وہ پانچویں چھٹے کو لے جائے یا جیسا بھی فرمایا اور حضرت ابوبکرؓ تین آدمیوں کو لائے اور نبی ﷺ دس آدمیوں کو لے گئے اور ابوبکر تین کو۔ راوی کہتے ہیں۔ پس ہمارے گھر میں وہ، میں اور میرے والد اور میری والدہ اور میں نہیں جانتا کہ انہوں نے کہا میری بیوی اور خادم ہمارے اور ابوبکرؓ کے گھر کے درمیان تھے۔ وہ کہتے ہیں اور رات کا کھانا حضرت ابوبکرؓ نے نبی ﷺ کے ساتھ کھایا پھر وہ ٹھہرے یہانتک کہ عشاء کی نماز پڑھی گئی۔ پھر وہ لوٹے اور ٹھہرے یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ کو اونگھ آ گئی پھر رات کا ایک حصہ جیسے اللہ نے چاہا گذر جانے کے بعد وہ آئے۔ ان کی بیوی نے انہیں کہا۔ آپ کو آپ کے مہمانوں سے کس چیز نے روک دیا؟ یا کہا اپنے مہمان سے۔ انہوں نے کہا کیا تم نے انہیں رات کا کھانا نہیں کھلایا؟ انہوں نے کہا وہ نہ مانے جبتک کہ آپ آ جائیں۔ انہوں نے ان کو (کھانا) پیش کیا تھا مگر وہ ان پر (انکار میں) غالب آ گئے، راوی (عبدالرحمان) کہتے ہیں میں جا کر چھپ گیا۔ انہوں نے کہا اے سست الوجود! اور بہت برا بھلا کہا اور کہا

تخریج : بخاری کتاب مواقیت الصلاة باب السمر مع الأهل والضيف 602 كتاب المناقب باب علامات النبوة في الاسلام 3581 كتاب الأدب باب مايكره من الغضب والجزع... 6140 باب قول الضيف لصاحبة والله لا آكل حتى تأكل 6141 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذور باب فيمن حلف على طعام لا يأكله 3317

فَاخْتَبَأْتُ وَقَالَ يَا غُنْثَرُ فَجَدَّعَ وَسَبَّ وَقَالَ كُلُوا لَا هَنِيئًا وَقَالَ وَاللَّهِ لَا أَطْعَمُهُ أَبَدًا قَالَ فَايْمُ اللَّهِ مَا كُنَّا نَأْخُذُ مِنْ لُقْمَةٍ إِلَّا رَبَا مِنْ أَسْفَلِهَا أَكْثَرُ مِنْهَا قَالَ حَتَّى شَبِعْنَا وَصَارَتْ أَكْثَرَ مِمَّا كَانَتْ قَبْلَ ذَلِكَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا أَبُو بَكْرٍ فَإِذَا هِيَ كَمَا هِيَ أَوْ أَكْثَرُ قَالَ لِامْرَأَتِهِ يَا أُخْتَ بَنِي فِرَاسٍ مَا هَذَا قَالَتْ لَا وَقُرَّةِ عَيْنِي لَهِيَ الْآنَ أَكْثَرُ مِنْهَا قَبْلَ ذَلِكَ بِثَلَاثِ مِرَارٍ قَالَ فَأَكَلَ مِنْهَا أَبُو بَكْرٍ وَقَالَ إِنَّمَا كَانَ ذَلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ يَعْنِي يَمِينَهُ ثُمَّ أَكَلَ مِنْهَا لُقْمَةً ثُمَّ حَمَلَهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَصْبَحَتْ عِنْدَهُ قَالَ وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ عَقْدٌ فَمَضَى الْأَجَلُ فَعَرَّفْنَا اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا مَعَ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ أُنَاسٌ اللَّهُ أَعْلَمُ كَمْ مَعَ كُلِّ رَجُلٍ إِلَّا أَنَّهُ بَعَثَ مَعَهُمْ فَأَكَلُوا مِنْهَا أَجْمَعُونَ أَوْ كَمَا قَالَ [5365]

کھائیے۔ یہ اچھا نہیں ہوا۔ اور کہا اللہ کی قسم میں اسے کبھی نہ کھاؤں گا۔ وہ کہتے ہیں ہم جو لقمہ بھی لیتے تھے اس کے نیچے سے اس سے بھی زیادہ بڑھ جاتا تھا وہ کہتے ہیں یہانتک کہ ہم سیر ہو گئے اور کھانا پہلے سے بھی زیادہ ہو گیا حضرت ابو بکرؓ نے اس کی طرف دیکھا تو ویسے کا ویسا ہی تھا بلکہ زیادہ۔ انہوں نے اپنی بیوی سے کہا اے بنی فراس کی بہن یہ کیا! انہوں نے کہا نہیں، میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم! یہ تو پہلے سے بھی تین گنا زیادہ ہے۔ وہ کہتے ہیں پھر اس میں سے ابو بکرؓ نے کھایا اور کہا کہ یہ تو صرف شیطان کی طرف سے تھی ان کی مراد اپنی قسم سے تھی۔ انہوں نے اس میں سے ایک لقمہ کھایا اور پھر (کھانے کو) رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے۔ وہ آپؐ کے ہاں صبح تک رہا۔ وہ کہتے ہیں ہمارے اور ایک قوم کے درمیان ایک معاہدہ تھا اور (اس کی) مدت گزر گئی تھی۔ ہم نے بارہ آدمیوں کو نگران مقرر کیا تھا۔ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ کچھ کچھ لوگ تھے۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ ہر ایک کے ساتھ کتنے تھے۔ بہر حال آپؐ نے وہ (کھانا) ان کے ساتھ بھجوا دیا اور ان سب نے اس میں سے کھایا یا جیسے انہوں نے بیان کیا۔

3820{177}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ الْعَطَّارُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ

3820: عبد الرحمانؓ بن ابو بکرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہمارے ہاں ہمارے کچھ مہمان آئے۔ وہ

3820: اطراف : **مسلم** كتاب الاشربة باب اكرام الضيف و فضل ايثاره3819

تخريج : **بخاری** كتاب مواقيت الصلاة باب السمر مع الأهل والضيف 602 كتاب المناقب باب علامات النبوة فى الاسلام==

عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ نَزَلَ عَلَيْنَا أَضْيَافٌ لَنَا قَالَ وَكَانَ أَبِي يَتَحَدَّثُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ فَانْطَلَقَ وَقَالَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ افْرُغْ مِنْ أَضْيَافِكَ قَالَ فَلَمَّا أَمْسَيْتُ جِئْنَا بِقِرَاهُمْ قَالَ فَأَبَوْا فَقَالُوا حَتَّى يَجِيءَ أَبُو مَنْزِلِنَا فَيَطْعَمَ مَعَنَا قَالَ فَقُلْتُ لَهُمْ إِنَّهُ رَجُلٌ حَدِيدٌ وَإِنَّكُمْ إِنْ لَمْ تَفْعَلُوا خِفْتُ أَنْ يُصِيبَنِي مِنْهُ أَذًى قَالَ فَأَبَوْا فَلَمَّا جَاءَ لَمْ يَبْدَأْ بِشَيْءٍ أَوَّلَ مِنْهُمْ فَقَالَ أَفَرَغْتُمْ مِنْ أَضْيَافِكُمْ قَالَ قَالُوا لَا وَاللَّهِ مَا فَرَغْنَا قَالَ أَلَمْ آمُرْ عَبْدَ الرَّحْمَنِ قَالَ وَتَنَحَّيْتُ عَنْهُ فَقَالَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ قَالَ فَتَنَحَّيْتُ قَالَ فَقَالَ يَا غُنْثَرُ أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ إِنْ كُنْتَ تَسْمَعُ صَوْتِي إِلَّا جِئْتَ قَالَ فَجِئْتُ فَقُلْتُ وَاللَّهِ مَا لِي ذَنْبٌ هَؤُلَاءِ أَضْيَافُكَ فَسَلْهُمْ قَدْ أَتَيْتُهُمْ بِقِرَاهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يَطْعَمُوا حَتَّى تَجِيءَ قَالَ فَقَالَ مَا لَكُمْ أَنْ لَا تَقْبَلُوا عَنَّا قِرَاكُمْ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فَوَاللَّهِ لَا أَطْعَمُهُ اللَّيْلَةَ قَالَ فَقَالُوا فَوَاللَّهِ لَا نَطْعَمُهُ حَتَّى تَطْعَمَهُ قَالَ فَمَا رَأَيْتُ كَالشَّرِّ كَاللَّيْلَةِ قَطُّ وَيْلَكُمْ مَا لَكُمْ أَنْ لَا تَقْبَلُوا عَنَّا

کہتے ہیں میرے والد رات کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر گفتگو کیا کرتے تھے۔ وہ کہتے ہیں وہ چلے اور انہوں نے کہا اے عبدالرحمان! تم اپنے مہمانوں سے فارغ ہو لینا۔ وہ کہتے ہیں جب شام ہوئی تو ہم ان کے لئے کھانا لائے۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے کھانے سے انکار کیا اور کہا یہانتک کہ گھر کے مالک آجائیں اور ہمارے ساتھ کھائیں۔ وہ کہتے ہیں میں نے انہیں کہا وہ تیز طبیعت آدمی ہیں۔ اگر آپ لوگوں نے کھانا نہ کھایا تو مجھے ان سے تکلیف کا ڈر ہے۔ وہ کہتے ہیں مگر انہوں نے انکار کیا۔ جب وہ (حضرت ابوبکرؓ) آئے تو سب سے پہلے یہی بات کہی کیا تم اپنے مہمانوں سے فارغ ہو چکے ہو؟ وہ کہتے ہیں انہوں (گھر والوں) نے کہا نہیں۔ اللہ کی قسم ہم فارغ نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کیا میں نے عبدالرحمان کو (اس کا) نہیں کہا تھا۔ وہ کہتے ہیں میں ایک طرف ہو گیا۔ انہوں نے کہا اے عبدالرحمان! میں ایک طرف ہی رہا۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے کہا اے سست الوجود! اگر تو میری آواز سنتا ہے تو میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ آجاؤ تو میں آ گیا اور میں نے کہا میرا کوئی قصور نہیں۔ یہ ہیں آپ کے مہمان، ان سے پوچھ لیں۔ میں ان کے پاس ان کا کھانا لایا تھا۔ انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا جب تک کہ آپ نہ

3581 كتاب الأدب باب مايكره من الغضب والجزع... 6140 باب قول الضيف لصاحبه والله لا آكل حتى تأكل 6141

ابو داؤد كتاب الأيمان والنذور باب فيمن حلف على طعام لا يأكله 3317

قِرَاكُمْ قَالَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا الْأُولَى فَمِنَ الشَّيْطَانِ هَلُمُّوا قِرَاكُمْ قَالَ فَجِيءَ بِالطَّعَامِ فَسَمَّى فَأَكَلَ وَأَكَلُوا قَالَ فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَرُّوا وَحَنِثْتُ قَالَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ بَلْ أَنْتَ أَبَرُّهُمْ وَأَخْيَرُهُمْ قَالَ وَلَمْ تَبْلُغْنِي كَفَّارَةٌ [5366]

آ جائیں۔ وہ کہتے ہیں آپ نے ان سے کہا آپ لوگوں کو کیا ہوا کہ آپ ہماری طرف سے اپنی مہمانی قبول نہیں کرتے ؟ راوی کہتے ہیں حضرت ابو بکرؓ نے کہا اللہ کی قسم آج رات میں کھانا نہیں کھاؤں گا۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے کہا اللہ کی قسم! جب تک آپ نہیں کھائیں گے ہم بھی نہیں کھائیں گے۔ انہوں نے کہا میں نے اس رات جیسی خرابی کبھی نہیں دیکھی۔ تمہارا بھلا ہو تمہیں کیا ہے کہ تم ہماری طرف سے اپنی مہمانی قبول نہیں کرتے۔ راوی کہتے ہیں پھر انہوں نے کہا پہلی (قسم) شیطان کی طرف سے تھی اپنا کھانا لاؤ، راوی کہتے ہیں کھانا لایا گیا انہوں نے بسم اللہ پڑھی اور کھایا اور انہوں (مہمانوں) نے بھی کھایا۔ وہ کہتے ہیں جب صبح ہوئی تو آپؓ نبی ﷺ کے پاس گئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ان کی قسم سچی ہوئی اور میری قسم باطل ہوئی۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے حضورؐ کو ساری (بات) بتائی تو آپؐ نے فرمایا بلکہ تم ان سے زیادہ حسنِ سلوک کرنے والے، سچے اور ان سے بہتر ہو۔ راوی کہتے ہیں کہ مجھ تک کفارہ کی خبر نہیں پہنچی۔

[33]16: بَاب: فَضِيلَةُ الْمُوَاسَاةِ فِي الطَّعَامِ الْقَلِيلِ وَأَنَّ طَعَامَ الاثْنَيْنِ يَكْفِي الثَّلَاثَةَ وَنَحْوَ ذَلِكَ

باب: کھانے کی تھوڑی مقدار میں (دوسروں سے) ہمدردی کی فضیلت اور یہ کہ دو کا کھانا تین کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور اسی طرح ...

3821{178} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الاثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ كَافِي الْأَرْبَعَةِ [5367]

3821: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو آدمیوں کا کھانا تین کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور تین کا کھانا چار کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

3822{179} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ح و حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الاثْنَيْنِ وَطَعَامُ الاثْنَيْنِ يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْأَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ وَفِي رِوَايَةِ إِسْحَقَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَذْكُرْ سَمِعْتُ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا

3822: حضرت جابرؓ بن عبد اللہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ایک کا کھانا دو کے لئے کفایت کر جاتا ہے اور دو کا کھانا چار کے لئے کفایت کر جاتا ہے اور چار کا کھانا آٹھ کے لئے کفایت کر جاتا ہے۔

3821: **اطراف : مسلم** کتاب الأشربة باب فضیلة المواساة فی الطعام القلیل 3822، 3823، 3824

تخریج : بخاری کتاب الاطعمة باب طعام الواحد یکفی الاثنین 5392 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین 1820

3822: **اطراف : مسلم** کتاب الأشربة باب فضیلة المواساة فی الطعام القلیل 3821، 3823، 3824

تخریج : بخاری کتاب الاطعمة باب طعام الواحد یکفی الاثنین 5392 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین 1820

سُفْيَانُ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ جُرَيْجٍ [5369,5368]

3823{180}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ وَطَعَامُ الِاثْنَيْنِ يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ [5370]

3823:حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک کا کھانا دو کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور دو کا کھانا چار کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

3824{181}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طَعَامُ الرَّجُلِ يَكْفِي رَجُلَيْنِ وَطَعَامُ رَجُلَيْنِ يَكْفِي أَرْبَعَةً وَطَعَامُ أَرْبَعَةٍ يَكْفِي ثَمَانِيَةً [5371]

3824:حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور دو آدمیوں کا کھانا چار آدمیوں کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور چار کا کھانا آٹھ کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

3823: اطراف : **مسلم** کتاب الأشربة باب فضیلة المواساة فی الطعام القلیل 3821 ، 3822 ، 3824

تخریج : **بخاری** کتاب الاطعمة باب طعام الواحد یکفی الاثنین 5392 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین 1820

3824: اطراف : **مسلم** کتاب الأشربة باب فضیلة المواساة فی الطعام القلیل 3821 ، 3822 ، 3823

تخریج : **بخاری** کتاب الاطعمة باب طعام الواحد یکفی الاثنین 5392 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین 1820

[34]17:بَاب: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

باب: مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے

3825{182} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالُوا أَخْبَرَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ كِلَاهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [5373,5372]

3825: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مومن ایک آنت میں کھاتا ہے۔

3826{183} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا

3826: نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ نے ایک مسکین کو دیکھا۔ وہ اس کے سامنے کھانا رکھتے چلے

3825: اطراف : **مسلم** كتاب الأشربة باب المؤمن يأكل في معى واحد... 3826 ، 3827 ، 3828 ، 3829

تخریج : **بخاری** كتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 5393 ، 5394 ، 5395 ، 5396 ، 5397 **ترمذی** كتاب الأطعمة باب ما جاء أنّ المؤمن يأكل في معى واحد 1818، 1819 **ابن ماجه** كتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل، في معى واحد 3256 ، 3257 ، 3258

3826: اطراف : **مسلم** كتاب الأشربة باب المؤمن يأكل في معى واحد... 3825، 3827، 3828، 3829

تخریج : **بخاری** كتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 5393 ، 5394 ، 5395 ، 5396 ، 5397 **ترمذی** كتاب الأطعمة باب ما جاء أنّ المؤمن يأكل في معى واحد 1818، 1819 **ابن ماجه** كتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 3256 ، 3257 ، 3258

شُعْبَةُ عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ نَافِعًا قَالَ رَأَى ابْنُ عُمَرَ مِسْكِينًا فَجَعَلَ يَضَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَيَضَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ فَجَعَلَ يَأْكُلُ أَكْلًا كَثِيرًا قَالَ فَقَالَ لَا يُدْخَلَنَّ هَذَا عَلَيَّ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْكَافِرَ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ [5374]

مسکین کو دیکھا۔ وہ اس کے سامنے کھانا رکھتے چلے گئے۔ راوی کہتے ہیں وہ بہت زیادہ کھاتا چلا گیا۔ وہ کہتے ہیں اس پر (حضرت ابن عمرؓ) نے کہا یہ میرے پاس نہ لایا جائے کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

3827{184} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ وَابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عُمَرَ [5376,5375]

3827: حضرت جابرؓ اور حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

3828{185} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

3828: حضرت ابوموسیٰؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

3827 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الأشربة باب المؤمن يأكل في معی واحد... 3825، 3826، 3828،3829

تخريج : **بخاری** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل فی معی واحد 5393 ، 5394 ، 5395 ، 5396 ، 5397 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ما جاء أنّ المؤمن يأكل فی معی واحد 1819,1818 **ابن ماجه** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل فی معی واحد 3256 ، 3257 ، 3258

3828: **اطراف** : **مسلم** کتاب الأشربة باب المؤمن يأكل فی معی واحد... 3825، 3826، 3827، 3829 ==

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ [5378,5377]

3829{186} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ عِيسَى أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهُ ضَيْفٌ وَهُوَ كَافِرٌ فَأَمَرَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ أُخْرَى فَشَرِبَهُ ثُمَّ أُخْرَى فَشَرِبَهُ حَتَّى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ إِنَّهُ أَصْبَحَ فَأَسْلَمَ فَأَمَرَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ أَمَرَ بِأُخْرَى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ [5379]

3829: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مہمان کی مہمان نوازی کی اور وہ کافر تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لئے ایک بکری کے دودھ دوہنے کا ارشاد فرمایا۔ وہ دوہی گئی۔ اس نے اس کا دودھ پی لیا پھر ایک اور (دوہی گئی) اس نے وہ بھی پی لیا پھر ایک اور، اسے بھی اس نے پی لیا یہاںتک کہ اس نے سات بکریوں کا دودھ پی لیا۔ صبح ہوئی تو اس نے اسلام قبول کرلیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لئے بکری کے دوہنے کا ارشاد فرمایا۔ اس نے اس کا دودھ پیا۔ پھر آپؐ نے دوسری کا حکم دیا تو وہ اس کو پورا نہ پی سکا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے۔

تخریج : **بخاری** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 5393 ، 5394 ، 5395 ، 5396 ، 5397 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ما جاء أنّ المؤمن يأكل في معى واحد 1818، 1819 **ابن ماجه** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 3258,3257,3256

3829: اطراف : **مسلم** کتاب الأشربة باب المؤمن يأكل في معى واحد... 3825، 3826، 3827، 3828

تخریج : **بخاری** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 5393 ، 5394 ، 5395 ، 5396 ، 5397 **ترمذی** کتاب الأطعمة باب ما جاء أنّ المؤمن يأكل في معى واحد 1818، 1819 **ابن ماجه** کتاب الأطعمة باب المؤمن يأكل في معى واحد 3256 3257، 3258

[35]18: بَاب: لَا يَعِيبُ الطَّعَامَ

باب: (آپ ﷺ) کھانے میں عیب نہیں نکالتے تھے

3830{187}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ كَانَ إِذَا اشْتَهَى شَيْئًا أَكَلَهُ وَإِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو وَعُمَرُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ كُلُّهُمْ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [5382,5381,5380]

3830: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے کبھی کھانے میں عیب نہیں نکالا جب آپؐ پسند فرماتے تو تناول فرما لیتے۔ اگر پسند نہ فرماتے تو چھوڑ دیتے۔

3831{188}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعَمْرٌو

3831: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے کبھی رسول اللہ ﷺ کو کھانے میں عیب

3830: اطراف : مسلم کتاب الأشربة باب لا یعیب الطعام 3831

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3563 کتاب الأطعمة باب ماعاب النبی ﷺ طعاما 5409 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی ترک العیب للنعمة 2031 **أبوداؤد** کتاب الأطعمة باب فی کراھیة ذم الطعام 3763 **ابن ماجه** کتاب الأطعمة باب النھی أن یعاب الطعام 3259

3831: اطراف : مسلم کتاب الأشربة باب لا یعیب الطعام 3830 ==

النَّاقِدُ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالُوا أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي يَحْيَى مَوْلَى آلِ جَعْدَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَابَ طَعَامًا قَطُّ كَانَ إِذَا اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ وَإِنْ لَمْ يَشْتَهِهِ سَكَتَ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[5384,5383]

نکالتے نہیں دیکھا۔ جب آپ ؐ اسے پسند کرتے تو کھالیتے اور اگر پسند نہ کرتے تو خاموش رہتے۔

= **تخریج : بخاری** کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3563 کتاب الأطعمة باب ماعاب النبی ﷺ طعاما 5409 **ترمذی** کتاب البر والصلة باب ماجاء فی ترک العیب للنعمة 2031 **أبو داؤد** کتاب الأطعمة باب فی کراهیة ذم الطعام 3763 **ابن ماجه** کتاب الأطعمة باب النهی أن یعاب الطعام 3259

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ اللِّبَاسِ وَالزِّينَةِ

لباس اور زیب وزینت کے بارہ میں کتاب

[1]19: بَاب: تَحْرِيمُ اسْتِعْمَالِ أَوَانِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ فِي الشُّرْبِ وَغَيْرِهِ عَلَى الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

باب: مردوں اور عورتوں کے لئے سونے اور چاندی کے برتنوں میں پینے وغیرہ کے استعمال کرنے کی حرمت

3832{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِي يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ ح و حَدَّثَنِيه عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

3832: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو چاندی کے برتن میں پانی پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ انڈیلتا ہے۔
ایک روایت میں سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے اور پینے کا ذکر ہے۔

3832 : اطراف : **مسلم** کتاب اللباس والزینة باب تحریم استعمال اوانی الذھب والفضة فی الشرب وغیرہ... 3833

تخریج : بخاری کتاب الاشربة باب آنیة الفضة 5634 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب الشرب فی آنیة الفضة 3413 ، 3415

بِشْرٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَالْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ ح و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ يَعْنِي ابْنَ حَازِمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجِ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ نَافِعٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ بِإِسْنَادِهِ عَنْ نَافِعٍ وَزَادَ فِي حَدِيثِ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَنَّ الَّذِي يَأْكُلُ أَوْ يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ أَحَدٍ مِنْهُمْ ذِكْرُ الْأَكْلِ وَالذَّهَبِ إِلَّا فِي حَدِيثِ ابْنِ مُسْهِرٍ [5386,5385]

3833{2} وحَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ عُثْمَانَ يَعْنِي ابْنَ مُرَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ خَالَتِهِ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ فِي إِنَاءٍ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارًا مِنْ جَهَنَّمَ [5387]

3833:عبداللہ بن عبدالرحمان اپنی خالہ حضرت امّ سلمہؓ سے روایت کرتے ہیں۔انہوں (حضرت ام سلمہؓ) نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سونے یا چاندی کے برتن میں پیا تو وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ انڈیلتا ہے۔

3833 : اطراف:مسلم کتاب اللباس والزینة باب تحریم استعمال اوانی الذهب والفضة فی الشرب وغیره ... 3832

تخریج : بخاری کتاب الاشربة باب آنیة الفضة 5634 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب الشرب فی آنیة الفضة 3413، 3415

[2]20:بَاب تَحْرِيمِ اسْتِعْمَالِ إِنَاءِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ عَلَى الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ وَالْحَرِيرِ عَلَى الرَّجُلِ وَإِبَاحَتِهِ لِلنِّسَاءِ وَإِبَاحَةِ الْعَلَمِ وَنَحْوِهِ لِلرَّجُلِ مَا لَمْ يَزِدْ عَلَى أَرْبَعِ أَصَابِعَ

مَردوں اور عورتوں کے لئے سونے اور چاندی کے برتنوں کے استعمال کی حرمت، سونے کی انگوٹھی اور ریشم کا مَردوں کے لئے حرام ہونے اور عورتوں کے لئے جائز ہونے کا بیان اور مرد کے لئے (کپڑوں پر) نقش ونگار وغیرہ کے جواز کا بیان جو چار انگلیوں سے زائد نہ ہو

3834{3} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ ح وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَازَةِ وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ أَوْ الْمُقْسِمِ وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ وَإِجَابَةِ

3834: حضرت براء بن عازبؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں سات باتوں کا حکم دیا اور سات باتوں سے منع فرمایا۔ آپؐ نے ہمیں ارشاد فرمایا مریض کی عیادت کا، جنازہ کے پیچھے چلنے کا، چھینک کے جواب دینے کا اور قسم پوری کرنے یا قسم کھانے والے کی قسم پورا کرنے میں مدد کرنے کا اور مظلوم کی مدد کرنے کا اور پکارنے والے کی پکار کے جواب دینے کا اور سلام کو رواج دینے کا اور آپؐ نے ہمیں انگوٹھیوں سے یا (فرمایا) سونے کی انگوٹھیاں پہننے سے اور چاندی کے برتنوں میں پینے سے اور

3834 : تخریج : بخاری كتاب الجنائز باب الامر باتباع الجنائز 1239 كتاب المظالم باب نصر المظلوم 2445 كتاب النكاح باب حق اجابة الوليمة والدعوة... 5175 كتاب الاطعمة باب الاكل فى اناء مفضض 5426 كتاب الاشربة باب آنية الفضة 5635 كتاب المرضىٰ باب وجوب عيادة المريض5650 كتاب اللباس باب افتراش الحرير 5837 باب الميثرة الحمرآء 5849 باب خواتيم الذهب 5863 كتاب الادب باب تشميط العاطس اذاحمد الله 6222 كتاب الاستئذان باب افشاء السلام 6235 كتاب الاَيمان والنذور باب قول الله تعالىٰ وَاَقسموا بالله جهد اَيمانهم 6654 **ترمذی** كتاب الادب باب ماجاء فى كراهية لبس المعصفر للرجل والقسيّ 2808 ، 2809 **نسائی** كتاب الجنائز،الامر باتباع الجنائز 1939 كتاب الايمان والنذور ابرار القسم 3778 كتاب الزينة ذكر النهى عن الثياب القسية 5309 **ابن ماجه** كتاب الكفارات باب ابرار المقسم 2115 كتاب اللباس باب كراهية لبس الحرير 3589، 3590

الدَّاعِي وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ وَنَهَانَا عَنْ خَوَاتِيمَ أَوْ عَنْ تَخَتُّمٍ بِالذَّهَبِ وَعَنْ شُرْبٍ بِالْفِضَّةِ وَعَنِ الْمَيَاثِرِ وَعَنِ الْقَسِّيِّ وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ وَالْإِسْتَبْرَقِ وَالدِّيبَاجِ حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ إِلَّا قَوْلَهُ وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ أَوِ الْمُقْسِمِ فَإِنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ هَذَا الْحَرْفَ فِي الْحَدِيثِ وَجَعَلَ مَكَانَهُ وَإِنْشَادِ الضَّالِّ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ ح و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ كِلَاهُمَا عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَ حَدِيثِ زُهَيْرٍ وَقَالَ إِبْرَارِ الْقَسَمِ مِنْ غَيْرِ شَكٍّ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ فَإِنَّهُ مَنْ شَرِبَ فِيهَا فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْ فِيهَا فِي الْآخِرَةِ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَقَ الشَّيْبَانِيُّ وَلَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ بِإِسْنَادِهِمْ وَلَمْ يَذْكُرْ زِيَادَةَ جَرِيرٍ وَابْنِ مُسْهِرٍ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و

ریشمی زین پوشوں سے، قسی بستی میں بننے والے ریشمی کپڑوں سے، ریشم کے پہننے سے، موٹے ریشم سے اور ریشمی لباس کے استعمال سے منع فرمایا۔

ایک اور روایت میں (اِبْـرَارِ الْـقَسَمِ أَوِالْمُقْسِمِ کی بجائے) وَإِنْشَـادِ الـضَّـالِ یعنی گمشدہ چیز کا اعلان کرنا۔

اور ایک روایت میں اِبْـرَارِ الْقَسَم کے ساتھ شک کا ذکر نہیں مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ پانی کے برتن میں پینے سے منع فرمایا کیونکہ جس نے دنیا میں ان میں پیا وہ آخرت میں ان میں نہ پیئے گا۔

ایک اور روایت میں (اِفْشَـاءِ السَّلَامِ کی بجائے) رَدِّ السَّلَامِ یعنی سلام کا جواب دینے کے الفاظ ہیں۔

ایک اور روایت میں نَهَـانَـا عَـنْ خَـاتَـمِ الذَّهَبِ اَوْحَـلَـقَةِ الـذَّهَـبِ کے الفاظ ہیں۔ یعنی آپؐ نے ہمیں سونے کی انگوٹھی یا ring سے منع فرمایا۔ ایک اور روایت میں وَاِفْشَاءِ السَّلَامِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ کے بارہ میں شک کا ذکر نہیں۔

حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنِي بَهْزٌ قَالُوا جَمِيعًا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ بِإِسْنَادِهِمْ وَمَعْنَى حَدِيثِهِمْ إِلَّا قَوْلَهُ وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ فَإِنَّهُ قَالَ بَدَلَهَا وَرَدِّ السَّلَامِ وَقَالَ نَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ أَوْ حَلْقَةِ الذَّهَبِ و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ وَعَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ بِإِسْنَادِهِمْ وَقَالَ وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ مِنْ غَيْرِ شَكٍّ [5389,5388] [5393,5392,5391,5390]

3835{4}حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَهْلِ بْنِ إِسْحَقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ سَمِعْتُهُ يَذْكُرُهُ عَنْ أَبِي فَرْوَةَ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُكَيْمٍ قَالَ كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقَى حُذَيْفَةُ فَجَاءَهُ دِهْقَانٌ بِشَرَابٍ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَرَمَاهُ بِهِ وَقَالَ إِنِّي أُخْبِرُكُمْ أَنِّي قَدْ أَمَرْتُهُ أَنْ لَا يَسْقِيَنِي فِيهِ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ

3835: عبداللہ بن عُکَیم کہتے ہیں کہ ہم مدائن میں حضرت حذیفہؓ کے پاس تھے۔حضرت حذیفہؓ نے پانی مانگا تو ایک گاؤں کا نمبردار چاندی کے برتن میں پانی لےکرآیا۔انہوں نے وہ برتن اس پر دے مارااور کہا کہ میں تمہیں بتاتا ہوں کہ میں اسے پہلےحکم دے چکا ہوں کہ یہ مجھے اس(چاندی کے)برتن میں (پانی)نہ پلائے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نےفرمایاہے کہ سونے اور چاندی کے برتن میں نہ پیو اور نہ ہی

3835:اطراف:مسلم کتاب اللباس والزینة باب تحریم استعمال اناء الذھب والفضة علی الرجال والنساء...3836
تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب الامر باتباع الجنائز1239 کتاب المظالم باب نصر المظلوم 2445 کتاب النکاح باب حق اجابة الولیمة والدعوة...5175 کتاب الاطعمة باب الاکل فی اناء مفضض5426 کتاب الاشربة باب آنیة الفضة5635 کتاب المرضیٰ باب وجوب عیادة المریض5650 کتاب اللباس باب افتراش الحریر5837 باب المیثرة الحمرآء5849 باب خواتیم الذھب 5863 کتاب الادب باب تشمیط العاطس اذاحمد اللہ6222 کتاب الاستئذان باب افشاء السلام6235 کتاب الاَیمان والنذور باب قول اللہ تعالیٰ وَاَقسموا باللہ جھد اَیمانھم6654 **ترمذی** کتاب الادب باب ماجاء فی کراھیة لبس المعصفر للرجل والقسیّ 2808، 2809 **نسائی** کتاب الجنائز،الامر باتباع الجنائز1939 کتاب الایمان والنذور ابرار القسم 3778 کتاب الزینة ذکر النھی عن الثیاب القسیة 5309 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب ابرار المقسم2115 کتاب اللباس باب کراھیة لبس الحریر3589، 3590

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَشْرَبُوا فِي إِنَاءِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَلْبَسُوا الدِّيبَاجَ وَالْحَرِيرَ فَإِنَّهُ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَهُوَ لَكُمْ فِي الْآخِرَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ و حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي فَرْوَةَ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُكَيْمٍ يَقُولُ كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي الْحَدِيثِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ و حَدَّثَنِي عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ أَوَّلًا عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ حُذَيْفَةَ ثُمَّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ سَمِعَهُ مِنَ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ حُذَيْفَةَ ثُمَّ حَدَّثَنَا أَبُو فَرْوَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُكَيْمٍ فَظَنَنْتُ أَنَّ ابْنَ أَبِي لَيْلَى إِنَّمَا سَمِعَهُ مِنَ ابْنِ عُكَيْمٍ قَالَ كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَقُلْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي لَيْلَى قَالَ شَهِدْتُ حُذَيْفَةَ اسْتَسْقَى بِالْمَدَائِنِ فَأَتَاهُ إِنْسَانٌ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَذَكَرَهُ بِمَعْنَى حَدِيثِ ابْنِ عُكَيْمٍ عَنْ حُذَيْفَةَ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

دیباج اور ریشم پہنو کیونکہ یہ دنیا میں ان کے لئے ہے اور قیامت کے دن آخرت میں تمہارے لئے ہے۔ایک اورروایت میں (مَعَ حُذَيْفَةَ کی بجائے) عِنْدَ حُذَيْفَةَ کے الفاظ ہیں اور يَوْمَ الْقِيَامَةِ کا لفظ نہیں ہے۔

ایک اورروایت میں (كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقٰى حُذَيْفَةُ فَجَاءَهُ دِهْقَانٌ بِشَرَابٍ فِيْ اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ کی بجائے) شَهِدْتُ حُذَيْفَةَ اِسْتَسْقٰى بِالْمَدَائِنِ فَاَتَاهُ اِنْسَانٌ بِاِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ کے الفاظ ہیں۔

بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ وَإِسْنَادِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ أَحَدٌ مِنْهُمْ فِي الْحَدِيثِ شَهِدْتُ حُذَيْفَةَ غَيْرُ مُعَاذٍ وَحْدَهُ إِنَّمَا قَالُوا إِنَّ حُذَيْفَةَ اسْتَسْقَى و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ كِلَاهُمَا عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ مَنْ ذَكَرْنَا[5394,5395,5396] [5397,5398,5399]

3836{5}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سَيْفٌ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى قَالَ اسْتَسْقَى حُذَيْفَةُ فَسَقَاهُ مَجُوسِيٌّ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ

3836: حضرت عبدالرحمان بن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں کہ حضرت حذیفہؓ نے پانی مانگا تو ایک مجوسی نے ایک چاندی کے برتن میں انہیں پینے کے لئے پیش کیا۔اس پر حضرت حذیفہؓ نے کہا کہ مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ریشم اور

3836: اطراف: مسلم کتاب اللباس والزینة باب تحریم استعمال اناء الذھب والفضةعلی الرجال والنساء ... 3835

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب الامر باتباع الجنائز 1239 کتاب المظالم باب نصر المظلوم 2445 کتاب النکاح باب حق اجابة الولیمة والدعوة... 5175 کتاب الاطعمة باب الاکل فی اناء مفضض 5426 کتاب الاشربة باب آنیة الفضة 5635 کتاب المرضیٰ باب وجوب عیادة المریض 5650 کتاب اللباس باب افتراش الحریر 5837 باب المیثرة الحمرآء 5849 باب خواتیم الذھب 5863 کتاب الادب باب تشمیط العاطس اذاحمد اللہ6222 کتاب الاستئذان باب افشاء السلام 6235کتاب الایمان والنذور باب قول اللہ تعالیٰ وَاَقسموا باللہ جھد اَیمانھم 6654 **ترمذی** کتاب الادب باب ماجاء فی کراھیة لبس المعصفر للرجل ... 2808 2809 **نسائی** کتاب الجنائز،الامر باتباع الجنائز 1939 کتاب الایمان والنذور ابرار القسم 3778 کتاب الزینة ذکر النھی عن الثیاب القسیة 5309 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب ابرار المقسم2115 کتاب اللباس باب کراھیة لبس الحریر 3589، 3590

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيرَ وَلَا الدِّيبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَأْكُلُوا فِي صِحَافِهَا فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا [5400]

دیباج نہ پہنواور سونے اور چاندی کے برتنوں میں نہ پیو، نہ ہی ان (سونا چاندی) کی رکابیوں میں کھاؤ کیونکہ وہ ان کے لئے اس دنیا میں ہیں....۔

[...]1:بَاب تَحْرِيمِ لُبْسِ الْحَرِيرِ وَغَيْرِ ذَلِكَ لِلرِّجَالِ

مَردوں کے لئے ریشم وغیرہ کے پہننے کی ممانعت کا بیان

3837{6}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِك عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةً سِيَرَاءَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوِ اشْتَرَيْتَ هَذِهِ فَلَبِسْتَهَا لِلنَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوَفْدِ إِذَا قَدِمُوا عَلَيْكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَلْبَسُ هَذِهِ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ جَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا حُلَلٌ فَأَعْطَى عُمَرَ مِنْهَا حُلَّةً فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

